DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v60i3.1110

# تشدد کے اسباب، نقصانات اور اس سے بچاؤ: بدھ مت اور اسلام کی کتبِ مقدسہ کا تقابلی مطالعہ

ذوہیب احمد ۞
محمد تنویر خاور ۞

# Violence and Its Prevention in Buddhist and Muslim Scriptures: A Comparative Analysis

**Zohaib Ahmad**۞
**Muhammad Tanweer Khawar**۞

**Abstract**: Violence is defined as a behaviour that encourages strong emotions to use physical force to hurt, injure, damage, or kill someone or something. Most of the known religious traditions consider it a negative property. Elaborating on its various motives, sources, and results, both Buddhist and Islamic scriptures warn against the factors that stimulate violent behaviour. Although various individual studies in both traditions are available, a comparative analysis of this concept is still missing. Therefore, presenting an in-depth analysis, this paper compares the scriptures of both religions to trace out the similarities and differences between their stances on the one hand and figure out how these findings can be used to promote interfaith harmony on the other. It is argued that both religions treat violence as a psychological problem that affects individuals and society at an equal level. Considering it an evil, both religions declare it a major cause of failure not only in this life but also in the afterlife. Therefore, it is suggested that by following the teachings of their respective religions, both Buddhists and Muslims can promote peace and interfaith harmony in the world.
**Keywords:** Islam, Buddhism, violence, dialogue, interfaith harmony

۞ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ ادیان عالم و بین المذاہب ہم آہنگی، دی اسلامیہ یونی ورسٹی آف بہاولپور۔
۞ لیکچرار، شعبہ اسلامیات، اسلامیہ یونی ورسٹی بہاولپور، بہاولنگر کیمپس۔
۞ Assistant Professor, Department of World Religions and Interfaith Harmony, the Islamia University of Bahawalpur. (zohaib.ahmad@iub.edu.pk)
۞ Lecturer, Department of Islamic Studies, Bahawalnagar Campus, the Islamia University of Bahawalpur. (Khawar@iub.edu.pk)

**Summary of the Article**

To promote interfaith harmony and peace among the adherents of Buddhism and Islam, this paper compares the concept of violence as presented in the sacred books of both religions. It also explores the information about both religions, identifies the causes, harms, and preventive measures of violence, and suggests how this information can be used to prevent extremism.

Historians think that the history of Buddhist-Muslim relationships is as ancient as Islam itself. The followers of both religions first met in east Iran, Transoxiana, and Afghanistan. Muslims considered Buddhists the People of the Book at their first encounter with them. According to Ibn Nadīm and Ibn Jarīr al-Ṭabarī, because of the good moral values of Buddhists, Muslims respected them. In Bukhara, the sacred places of both religious groups existed side by side. According to *Chachnamah*, an ancient account of the history of India, when the famous Muslim commander Muḥammad b. Qāsim invaded India, Buddhists became an ally of Muslims. Although, there were some hot and cold times for the followers of both religions, mostly both religious groups respected the values of each other. However, a disturbance erupted when in the twenty-first century Taliban, a Muslim extremist group, destroyed Buddha's statues in Bamiyan, Afghanistan. Later, Buddhist-Muslim conflicts erupted in Sri Lanka, Thailand, and Myanmar which resulted in the loss of thousands of lives. Buddhist extremist movements like "969" massacred innocent Muslims on religious grounds. Some researchers stated that these violent and inhumane events severely violated human rights. Therefore, to promote an optimistic approach and spread the message of love, peace, and harmony between the followers of both religions, an analysis of the concept of violence is presented in the following lines.

Violence can be defined as a behaviour that encourages strong emotions to use physical force to hurt, injure, damage, or kill someone or something. Most of the known religious traditions consider it a negative property. Indian religions, especially Hinduism, Buddhism, and Jainism, use the word "ahimsa" to refer to non-violence. Ahimsa is a compound of two words, "a" meaning "not" and "himsa" meaning "violence". Buddhism explains it as a state of mind and divides it into mental and physical himsa. For Buddhism, it could be a wrong thought that leads one to harm living beings in one way or another. In the Arabic language, the word "tashddud" is used for violence. It means to be strict, to press, and to be stingy. Similarly, the word "ghuluww" is also used for violence. Ibn Faris defines it as "exceeding" or crossing the limit. Therefore, it is said that violence, in Islam, refers to strictness and transgressing the Sharīʻah's limits while ignoring the balance.

In contrast to himsa, Buddhism calls for the adoption of ahimsa. It is directly related to the five moral principles (Panj Shela) without which one cannot attain Nirvana. Buddhism calls it a mental attitude, right thought, right intention, and the feeling of kindness. Ahimsa is a compassion (Kurana) that helps to reduce hatred and functions to prevent torture. Although Gautama Buddha's teachings emphasized morality and the correctness of mental attitudes, it is said that the

elimination of violence and injustice was also among his aims. That is why he was harmless in his actions, subtle in his words, and peaceful in disputes. Since a type of violence in Buddhism is also mental violence, it is suggested to change one's thinking to prevent it. Hence, Buddhism forbids even thinking about any emotion or behaviour that would lead to violence. It suggests cultivating love, kindness, and compassion instead. In this regard, Buddha advises, "Never let anger dominate you, do not be angry with those who are angry. Non-anger and non-violence always flourish in the hearts of noble people." He made it clear to his disciples that they should not be angry with anyone. They should not seek revenge even if someone kills their parents, children, or any family member. Parents and children are considered to be the most beloved ones in the world and their killing is enough to make a person suffer from psychological distress. In such a case, it is natural for a person to take revenge, but Buddha told his followers that they must not take revenge. Therefore, it can be said that Buddhism is a religion that requires its followers not only to follow the path of non-violence but also to develop feelings of love, kindness, and compassion for all living beings. Non-violent behaviour, for Buddhists, is not limited to human beings only but it also has expanded to animals, plants birds, etc.

The Qur'ānic and ḥadīth literature use terms such as "gentleness", mitigation, patience, and forgiveness for nonviolence. The Prophet (peaced be on him) forbade Muslims from "exceeding the limit." He advised, "Make things easy and do not make them difficult, cheer the people up by conveying glad tidings to them and do not repulse (them)". He insisted: "Help your brother whether he is oppressed or oppressor." A man said O Messenger of Allah! Helping the oppressed is fine, but how to help the oppressor? He replied: "Stop him from oppressing, that is his help." Although killing is strictly prohibited in Islam and the killing of one person is considered equal to the killing of all humanity, qiṣāṣ (retaliation) is permissible in Islam. However, there is a provision for forgiveness. A principle has been set that victims have the right to defend themselves. They do not need to suffer cruelty in silence. Rather, they are allowed to take revenge lawfully. By taking revenge in this way, firstly, the requirements of justice and fairness will be fulfilled and secondly, it will be possible to avoid the further violence of the oppressors. Allah has forbidden Muslims to be angry. One of the many reasons for this is that anger, by inciting a person to violence, not only causes harm to others but also damages one's health. Therefore, to control anger, Islam has given instructions that when a person is angry and resentful, one should perform ablution. It ordered Muslims to love every living being and forbade them from harming animals, birds, and plants even during wars.

Gautama Buddha promises prosperity in both lives to one who embraces ahimsa. He only qualifies as a bhikkhu to take asceticism when he has adopted ahimsa. Buddhism names those as "good people" who could control themselves and practice non-violence. It is clearly stated that self-protection is not possible unless one protects others. Similarly, meditation, which is the last and most important component of the Eightfold Path, cannot be attained unless a monk practices non-violence. In sum, it can be said that in Buddhism, only those who live a

contented life deserve to be called true followers of Dharma. This will be the life that will cause the development of society; which will bring peace and harmony within society. That is why it is suggested in Buddhism that if one wants to create a peaceful society or world, one has to meet others with a constructive and positive approach. This optimistic approach will not only guarantee prosperity in the individual life of a person but holistically assist in creating a prosperous world of equality, social justice, and harmony.

Islam also advocates non-violent behaviour. The definition of a good Muslim is that others are safe from one's hands and tongue. Therefore, a person cannot be a good Muslim unless he adopts an attitude of non-violence. Just as the attainment of nirvana is the focus of life in Buddhism, being one with Allah is the most important virtue in Islam. Allah loves those who forgive others. In the hadith literature, it is narrated that if one wants to be protected from God's wrath, one must protect others from one's wrath. If one succeeds in doing this, they will not only escape the wrath of God in this world but will also be relieved in the next world.

To promote a positive relationship between the followers of Buddhism and Islam, this study compares the concepts of violence in both religions. It points out that: 1. According to Buddhism and Islam, inflicting physical harm, hardship, or mental torture on an individual or group is called violence. 2. Violence, in both religions, is not limited to human beings only but is also expanded to all the creatures of the universe. 3. Violence has been considered a psychological disease that leads to the decline of the individual and society at the individual and collective levels. 4. Buddhism considers it a pessimistic attitude and a bad action, while in Islam, its relationship with God is optimistic and good, while in terms of humans, it is a negative and bad action. 5. According to both religions, anger is the source of violence. Controlling anger will result in non-violence. 6. Both religions regard violence as a negative attitude and a cause of failure in both worlds. 7. Buddhism and Islam consider violence a negative trend, but both religions propose different solutions to it. Buddhism categorically forbids violence and discourages any thought that might lead to violence. Islam has a different opinion on violence because it sees violence as harshness or transgression. To end violence, on the one hand, it suggests stopping the source of violence, and on the other hand, encourages forgiveness as a step forward towards reconciliation.

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

## تعارف

کسی بھی رویے کے متعلق شدید جذبات رکھنا، غلو، جبر، ظلم کرنا یا جسمانی طاقت استعمال کرتے ہوئے کسی کو نقصان پہنچانا یا قتل کرنا عموماً تشدد کے زمرے میں آتا ہے۔ مذاہب عالم عام طور پر اسے ایک منفی رویہ گردانتے ہیں۔ تشدد کی علامات، اسباب اور نتائج کے بارے میں خبر دار کرتے ہوئے بدھ مت اور اسلام کی کتب مقدسہ ایسے

عوامل کی نشان دہی کرتی ہیں جو اس رویے کا باعث بنتے ہیں۔ اگرچہ متعدد ایسی تحریریں تو دست یاب ہیں جو دونوں مذاہب کے تشدد اور عدم تشدد کے متعلق رویوں کا انفرادی طور پر جائزہ لیتی ہیں؛ تاہم اس موضوع کا مطالعہ تقابلی نقطۂ نظر سے نہیں کیا گیا؛ لہٰذا یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ بدھ مت اور اسلام؛ تشدد کے اسباب، نقصانات اور اس سے بچاؤ کے متعلق کیا معلومات فراہم کرتے ہیں اور کس طرح ان معلومات کو عصر حاضر میں تشدد کی روک تھام کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ زیر نظر تحریر دونوں مذاہب کی کتب مقدسہ کا جائزہ لیتے ہوئے یہ واضح کرتی ہے کہ اس ضمن میں دونوں مذاہب میں زیادہ مشترکات اور کم اختلافات ہیں۔ وہ اسے ایک ایسی نفسیاتی بیماری گردانتے ہیں جو انفرادی اور مجموعی سطح پر فرد اور معاشرے کے زوال کا باعث بنتی ہے۔ دونوں تشدد کو ایک منفی رویہ گردانتے ہوئے اسے دونوں جہانوں میں ناکامی کا سبب سمجھتے ہیں؛ تاہم اس کا الگ الگ حل تجویز کرتے ہیں؛ لہٰذا دونوں مذاہب کے پیروکار عدم تشدد کا رویہ اپناتے ہوئے ایک طرف تو اپنے مذاہب کے بتائے گئے اصولوں پر بہتر طور پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں جو دونوں جہانوں میں ان کی نجات کا سبب بن سکتا ہے اور دوسری طرف اس رویے کے ذریعے بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دے کر ایک بہتر دنیا کی تخلیق میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔

## بدھ مسلم تعلقات کا تاریخی پس منظر

ہندوستان کی تاریخ میں چھٹی صدی قبل مسیح کا زمانہ مذہب خیز تصور کیا جاتا ہے۔ یہ وہ وقت تھا جب ہندوستان میں بدھ مت اور جین مت جیسے مذاہب کی داغ بیل ڈالی جا رہی تھی۔ یہ مذاہب تاریخ کے اتار چڑھاؤ سے نبرد آزما ہوتے ہوئے آج ۲۵۰۰ سال بعد بھی نہ صرف اپنے وجود کو قائم رکھنے میں کام یاب رہے ہیں، بلکہ اپنے ماننے والوں کی تعداد کے لحاظ سے دنیا کے بڑے مذاہب میں شمار کیے جاتے ہیں۔[۱] نہ صرف ہندوستانی مذاہب کی تاریخ میں بلکہ مذاہب عالم کی تاریخ میں بدھ مت کا نام اس لیے بھی نمایاں ہے کہ اپنے پیروکاروں کی تعداد کے لحاظ سے کبھی یہ دنیا کا سب سے بڑا مذہب بھی رہ چکا ہے۔[۲] اہل بدھ مت اور اہل اسلام کے درمیان تعلقات کی

---

۱۔ پیروکاروں کی تعداد کے لحاظ سے اس وقت بدھ مت دنیا کا پانچواں بڑا مذہب ہے۔ دیکھیے:
Conrad Hackett and Brian J. Grim, *The Global Religious Landscape* (Washington D.C.: Pew Research Center, 2012), 9.

بدھ مت کی نسبت جین مت کے پیروکاروں کی تعداد اگرچہ کم ہے تاہم دنیا بھر میں جین مت کے ماننے والوں کی کم از کم تعداد چار ملین ہے۔ دیکھیے:

https://www.britannica.com/topic/Jainism/Early-medieval-developments-500-1100, accessed on 28 January 2020.

۲۔ عماد الحسن آزاد فاروقی، دنیا کے بڑے **مذاہب** (نئی دہلی: مکتبہ جامعہ لمٹیڈ، ۱۹۸۶ء)، ۷۵۔

ابتدا کے متعلق وثوق سے کچھ بتانا دشوار ہے۔ اسلام اگرچہ محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی زندگی ہی میں دنیا کے مختلف گوشوں میں پھیل چکا تھا[۳] تاہم اس دور کے حوالے سے مسلم بدھ تعلقات کے متعلق معلومات خال خال ہی ملتی ہیں۔ اس ضمن میں امتیاز یوسف[۴] کا خیال ہے کہ بدھ مسلم تعلقات کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنا کہ خود اسلام۔ مسلمانوں اور بدھ مت کے پیروؤں کے درمیان تعلقات کی ابتدا مشرقی ایران، ماوراء النہر اور افغانستان سے ہوئی اور ایسے تاریخی شواہد بھی موجود ہیں کہ مسلمانوں نے ابتدا میں بدھ لوگوں کو اہل کتاب ہی شمار کیا۔[۵] یوسف نے جو حوالہ جات درج کیے ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ ان کی معلومات کے ماخذ *Encyclopedia of Islam* اور *Encyclopædia Iranica* ہیں۔ اول الذکر کتاب مشہور اسکاٹش محقق ہملٹن الیگزینڈر روسکین گب (۱۸۹۵ء–۱۹۷۱ء) اور ان کے ساتھی مستشرقین کی تصنیف ہے۔ گب اور ان کے ساتھیوں نے اس حوالے سے لکھا ہے کہ اسلام سے پہلے بلخ، بدھ مت کا ایک اہم علاقہ تھا جس پر ۶۵۳ء میں مشہور مسلمان جرنیل احنف بن قیس (وفات ۶۸۷) نے حملہ کیا۔ یہ علاقہ اس وقت تو فتح یاب نہ ہو سکا تاہم بعد میں اموی دور میں اسے فتح کر لیا گیا۔[۶] ثانی الذکر تصنیف میں بھی مسلمان فاتحین کا تذکرہ ملتا ہے جنھوں نے چین اور ہندوستان کے راستوں پر بدھ تاجروں کو بستے دیکھا۔ مذکورہ بالا تصانیف اس بارے میں خاموش ہیں کہ اس دور میں مسلمانوں اور بدھ مت کے پیروکاروں کے درمیان تعلقات کس نوعیت کے تھے۔ یوسف نے مسلم بدھ تعلقات کے مزید دو ادوار کے متعلق معلومات قلم بند کی ہیں۔ انھوں نے ابن ندیم اور ابن جریر الطبری کا حوالہ دیتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ بدھ مت کے پیروکاروں کے اعلی اخلاق کی وجہ سے مسلمان انھیں اچھی نظروں سے دیکھتے تھے، یہاں تک کہ بخارا کی ایک مسجد کے ساتھ ایک بدھ مندر تھا جہاں بتوں کی فروخت ہوتی تھی۔[۷] اس سے جہاں دونوں مذاہب کے پیروکاروں کے

---

۳ – محمد اسحاق بھٹی، **برصغیر میں مسلمانوں کے اولین نقوش** (لاہور: مکتبہ سلفیہ، ۱۹۹۰ء)، ۴۸۔

۴– امتیاز یوسف نے بدھ مسلم تعلقات کے موضوع پر متعدد تصنیفات تحریر کی ہیں۔ وہ اس وقت انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سویلائزیشن میں بہ طور ایسوسی ایٹ پروفیسر فرائض منصبی سرانجام دے رہے ہیں۔

5– Imtiyaz Yusuf, "Dialogue Between Islam and Buddhism through the Concepts Ummatan Wasaṭan (The Middle Nation) and Majjhima-Patipada (The Middle Way)" *Islamic Studies* 48, no. 3 (2009): 369.

6– Richard N. Frye, "Balkh," in *The Encyclopaedia of Islam* ed. Hamilton Alexander Rosskeen Gibb, et al. (Leiden: Brill, 1986), 1001.

7– Yusuf, "Dialogue Between Islam and Buddhism through the Concepts Ummatan Wasaṭan (The Middle Nation) and Majjhima-Patipada (The Middle Way)" 370-71.

درمیان مذہبی ہم آہنگی کا پتا چلتا ہے، وہیں یہ بھی علم ہوتا ہے کہ تاریخی طور پر دونوں مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان تعلقات کی نوعیت زیادہ تر مثبت رہی ہے۔

اسی طرح اگر ہندوستان میں بدھ مسلم تعلقات کی تاریخ کو دیکھا جائے تو یہاں بھی دونوں مذہبی گروہ باہم شیر وشکر ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مثلاً ۷۱۲ء میں جب محمد بن قاسم (۶۹۵-۷۱۵) نے سندھ فتح کیا تو اس وقت بھی بدھ مت کے پیروکار مسلمانوں کے اتحادی بن گئے تھے۔ وہ چوں کہ ہندو راجاؤں کے ظلم ستم کے ستائے ہوئے تھے اور چاہتے تھے کہ کسی طرح ان سے چھٹکارا حاصل کیا جائے لہٰذا قاسم کی آمد ان کے لیے خوش گوار پیغام تھی۔ جب ابن قاسم نیرون پہنچے تو بدھ بھکشوؤں نے انھیں خوش آمدید کہا۔ اس حوالے سے **چچ نامہ** جو کہ سندھ کی تاریخ کے حوالے سے ایک مشہور تصنیف ہے، یہ بھی بتاتی ہے کہ ابن قاسم نے جب نیرون کو فتح کیا تو انھوں نے ایک بدھ مندر کی جگہ ایک مسجد تعمیر کر کے وہاں مؤذن اور نماز کا اہتمام کیا۔[۸] تاہم اس حوالے سے ایسا کوئی تذکرہ نہیں ملتا کہ ابن قاسم نے وہاں موجود مندر کو ختم کر دیا تھا۔ چوں کہ بدھ بھکشو ان کے حامی بن گئے تھے[۹] تو یہ بعید از قیاس ہے کہ وہ ان کی دل آزاری کا سبب بنے ہوں۔ یہ بھی عین ممکن ہے کہ مندر اور مسجد کو ایک جگہ قائم کر دیا گیا ہو یا بدھ مت کے پیروکاروں نے مسلمانوں کی عبادت کے لیے مندر وقف کر دیا ہو۔ اس حوالے سے حجاج ابن یوسف (۶۶۱-۷۱۴) کا وہ خط جو نیرون میں ابن قاسم کی آمد سے کچھ دیر پہلے ان کو موصول ہوا تھا بھی مشعل راہ ہے۔ حجاج نے لکھا: "دیبل میں جو کچھ بچایا گیا ہے اسے قلعہ میں ذخیرہ کر کے رکھنے کے بجائے لوگوں پر صرف کرنا بہتر ہے؛ کیوں کہ ملک فتح ہونے اور قلعوں کے قبضہ میں آنے کے بعد رعایا کے آرام اور باشندوں کی دل جوئی کی کوشش کرنی چاہیے اور اگر کسان، صنعت کار، دست کار اور تاجر آسودہ ہوں گے تو ملک سر سبز اور آباد رہے گا۔"[۱۰] لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس خط کے ملنے اور بدھ بھکشوؤں کے ساتھ اتحاد کرنے کے بعد ابن قاسم نے اگر مندر کی جگہ مسجد کی تعمیر کی بھی ہو گی تو اس کے لیے رائے عامہ کو ہموار کر لیا ہو گا۔ شاید اسی لیے **چچ نامہ** بھی اس حوالے سے بدھ مسلم تعلقات کے بارے میں منفی رویوں کی نشان دہی کرنے سے قاصر ہے۔ مزید برآں درج بالا امثلہ سے یہ

---

۸۔ **فتح نامہ سندھ یعنی چچ نامہ**، محقق، نبی بخش خان بلوچ، مترجم، اختر رضوی (جام شورو: سندھی ادبی بورڈ: ۲۰۰۸ء)، ۱۳۷۔

۹۔ **چچ نامہ** میں یہ بھی ملتا ہے کہ بدھ راہنما کاکہ بن کوتل نے مسلمانوں کے ساتھ لڑنے سے یہ کہتے ہوئے منع کر دیا تھا کہ "بدھ مذہب والوں کی کتابوں اور نجوم کے حساب سے یہی حکم صادر ہوا ہے کہ ہندوستان لشکر اسلام کے ہاتھوں فتح ہو گا، اس لیے اب میرا ارادہ ان کا استقبال کرنے کا ہے۔" دیکھیے: نفس مصدر، ۱۴۳۔

۱۰۔ نفس مصدر، ۱۳۵۔

بات بھی واضح ہوتی ہے کہ بدھ مسلم گروہوں کے آپسی تعلقات کی ابتدا لشکر کشی ہی کے ذریعے ہوئی۔ جنگ و جدل کے زمانے میں دونوں اقوام ایک دوسرے کی اتحادی بنیں، چوں کہ جنگ کا زمانہ افراتفری کا زمانہ ہوتا ہے لہٰذا مسلم بدھ تعلقات کے ابتدائی دور کے بارے میں مزید کچھ کہنا مشکل ہے۔

اکیسویں صدی میں مسلم بدھ تعلقات میں ایک نیا موڑ آیا جب مارچ ۲۰۰۱ء میں مسلم شدت پسند گروہ طالبان نے گوتم بدھ کے مجسموں کو مکمل طور پر مسمار کیا۔[۱۱] یہ مجسمے چھٹی صدی عیسوی کی یادگار تھے جو کہ تقریباً وہی زمانہ ہے جب اسلام ایک مذہب کے طور پر ابھر رہا تھا۔ واضح رہے کہ مسلمانوں نے افغانستان کے متعدد علاقوں کو اموی دور میں فتح کر لیا تھا۔ اس وقت یہاں بدھ مت کے دو دیو ہیکل مجسمے نصب تھے۔[۱۲] مسلمان تقریباً ۱۵۰۰/ سال افغانستان پر حکومت کر رہے ہیں۔ ایسے شواہد نہیں ملتے کہ ابتدائی مسلمان حکمرانوں نے ان مجسموں کو مکمل طور پر مسمار کرنے کی کوئی عملی کوشش کی ہو، البتہ یہاں یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ بعض روایات کے مطابق مغلیہ دور میں ان مجسموں کو مسمار کرنے کے احکامات ضرور دیے گئے۔[۱۳] تاہم اس دور میں صرف ان کے سر ہی مسمار کیے جا سکے۔ بعد ازاں طالبان کی حکومت قائم ہوتے ہی ان مجسموں کو مسمار کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ یہ واقعات نہ صرف بدھ مت کے پیروکاروں کے لیے تکلیف کا باعث بنے، بلکہ مسلمانوں سمیت دیگر مذہبی گروہوں نے بھی اس واقعے پر افسوس کا اظہار کیا۔ چوں کہ افغانستان میں بدھ مذہب کے پیروکاروں کی کوئی قابل ذکر تعداد موجود نہ تھی، لہٰذا خوش قسمتی سے اس سلسلے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ابھی یہ زخم بھرنے نہ پائے تھے کہ سری لنکا، تھائی لینڈ اور میانمار میں بدھ مسلم تصادم شروع ہو گئے جو ہزاروں جانوں کے ضیاع کا سبب بنے۔ ۹۶۹ جیسی بدھ شدت پسند تحریکوں نے مذہبی بنیادوں پر بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام کیا۔ بعض محققین نے نقصان کا تجزیہ کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ میانمار میں ہونے والے انسانیت سوز واقعات نے انسانی حقوق کے تقدس کو بری

---

۱۱– ۲۰۰۱ء میں طالبان نے ان مجسموں کو مسمار کر دیا تھا۔ بعد ازاں یونیسکو (اقوام متحدہ تعلیمی، علمی و ثقافتی تنظیم) کے زیر انتظام ان کی مرمت کا کام عمل میں لایا گیا۔ دیکھیے:

Claudio Margottini, After the Destruction of Giant Buddha Statues in Bamiyan (Afghanistan) in 2001: A UNESCO's Emergency Activity for the Recovering and Rehabilitation of Cliff and Niches (Berlin: Springer, 2014).

۱۲– حمید اللہ، **مختصر تاریخ افغانستان** (کوئٹہ: غزنوی پبلشرز، ۲۰۰۸ء)، ۱۰۔

13– Zahiru'd-Din Muhammed Babur, *Baburnama* (Memoirs of Babur), trans. Annette Susannah Beveridge (New Delhi: Oriental, 1979), 612.

طرح پامال کیا۔[۱۴] متعدد بدھ گروہوں نے ان پر تشدد واقعات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔[۱۵] لہٰذا وقت کی یہ ایک اہم ضرورت ہے کہ بدھ مسلم تعلقات میں مثبت رویوں کو فروغ دیا جائے تاکہ دونوں مذہبی گروہوں میں نہ صرف محبت، رواداری اور اخوت کے جذبوں کو بیدار کیا جا سکے بلکہ تشدد، نفرت اور عدم برداشت کے رویوں کی بیخ کنی بھی کی جا سکے۔

زیر نظر تحریر اس حوالے سے دونوں مذاہب کی کتب مقدسہ میں تشدد کے رویوں کا تقابلی جائزہ پیش کرتی ہے تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ دونوں مذاہب تشدد کے اسباب، نقصانات اور اس سے بچاؤ کے متعلق کیا معلومات فراہم کرتے ہیں اور کس طرح ان معلومات کو عصر حاضر میں تشدد کی روک تھام کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟ یہاں یہ بات بھی واضح کرنے کی ضرورت ہے کہ بدھ مت کی کتب مقدسہ پالی، سنسکرت اور تبتین زبانوں میں لکھی گئی ہیں تاہم ان زبانوں کا علم نہ ہونے کی وجہ سے مصنفین نے بدھ مت کے مطالعے کے لیے انگریزی، اردو، عربی اور ہندی ماخذات پر ہی انحصار کیا ہے[۱۶] جس سے یہ فائدہ تو ضرور حاصل ہوتا ہے کہ ان زبانوں میں اس موضوع پر کیے گئے کام کا جائزہ لیا جا سکے گا، تاہم مصادر تک رسائی نہ ہونے کی وجہ سے یہ عین ممکن ہے کہ زیر نظر مقالہ تکنیکی کمیوں کا شکار رہے۔ ہندی، عربی اور انگریزی سے اردو میں کیے گئے تراجم یا تو مصنفین کے اپنے ہیں یا مترجم کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔

## تشدد کیا ہے؟

کسی بھی رویے کے متعلق شدید جذبات رکھنا، غلو، جبر، ظلم کرنا یا جسمانی طاقت استعمال کرتے ہوئے کسی کو نقصان پہنچانا یا قتل کرنا عموماً تشدد کے زمرے میں آتا ہے۔ **فرہنگ آصفیہ** اس لفظ کی وضاحت کے لیے "سختی"، "زیادتی"، "جبر" اور "تعدی" جیسے الفاظ استعمال کرتی ہے[۱۷] جب کہ ہندی اور سنسکرت میں تشدد کے لیے

---

14– Syeda Naushin Parnini, "The Crisis of the Rohingya as a Muslim Minority in Myanmar and Bilateral Relations with Bangladesh," *Journal of Muslim Minority Affairs* 33, no. 2 (2013): 281.

15– Azeem Ibrahim and Muhammad Yunus, *The Rohingyas: Inside Myanmar's Hidden Genocide* (London: Hurst, 2018), 141.

۱۶– اس ضمن میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ بدھ مت کی کتب مقدسہ کے ان تراجم کو فوقیت دی جائے جو بدھ مت کے پیروکاروں ہی کے تصنیف کردہ ہیں۔

۱۷– سید احمد دہلوی، **فرہنگ آصفیہ** (لاہور: اردو سائنس بورڈ، ۲۰۱۰ء)، ۶۰۹۔

"اُگرتا"، "بل"، "پرچندتا" اور "ہمسا" جیسے الفاظ مستعمل ہیں۔[۱۸] ہندی ادیان، خاص طور پر ہندو مت، بدھ مت اور جین مت میں "اہمسا" کے لفظ کو تشدد کے روک تھام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ "اہمسا" دو کلمات، "ا" یعنی "نہ" اور "ہمسا" یعنی "تشدد" سے مرکب ہے۔ مذکورہ بالا تینوں ادیان ہمسا کو ایک منفی رویہ گردانتے ہیں۔ بدھ مت میں تشدد کو ایک ذہنی کیفیت کے طور پر جانچا گیا ہے لہذا اس کو ذہنی اور جسمانی تشدد میں تقسیم کیا گیا ہے۔[۱۹] **وبھانگہ** جو کہ مہایانہ بدھ مت کی ایک اہم اور ابھی دھاپٹاکا کی دوسری کتاب ہے کے مطابق گوتم بدھ نے ایک سوال کے جواب میں چھ عناصر کا ذکر کیا جن میں سے ایک تشدد کے متعلق تھا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ "تشدد کا عنصر کیا ہے؟" تو انھوں نے جواب دیا:

> تفکر کی ذہنی کیفیت، غلط سوچ جو کہ تشدد سے تعلق رکھتی ہے۔ یہ تشدد کا عنصر کہلاتی ہے۔ یہیں سے آگے اگر کوئی کسی دوسرے وجود کو ایذا دیتا ہے ہاتھ سے یا ڈھیلے (کنکر/پتھر) سے یا چھڑی سے یا تلوار سے یا رسی سے یا کسی بھی دوسری چیز سے جو کہ مطابقت رکھتی ہے ستانے سے، ایذا دینے سے، پریشان کرنے سے، زخمی کرنے سے، اشتعال دلانے سے، برافروختہ کرنے سے، مارنے پیٹنے سے۔ یہی تشدد کا عنصر ہے۔[۲۰]

درج بالا اقتباس سے پتا چلتا ہے کہ بدھ مت میں تشدد ایک ایسا عنصر ہے جس کا براہ راست تعلق انسان کی ذہنی کیفیتوں سے ہے۔ یہ ایک ایسی غلط سوچ ہے جو انسان کو یا کسی بھی جان دار کو کسی بھی انداز میں پریشان کرنے کی طرف مائل کرتی ہے؛ کیوں کہ گوتم بدھ نے یہ واضح بتایا ہے کہ تشدد کا عنصر پیدا ہونے کے بعد ہی کوئی کسی کو ایذا دیتا ہے یا پریشان کرتا ہے یا مارتا ہے، چاہے وہ ایسا خالی ہاتھ کرے یا کسی ہتھیار سے۔ بدھ مت اسی لیے اسلحہ سازی کو بہ طور پیشہ اپنانے سے بھی منع کرتا ہے؛ کیوں کہ اس کا کام بھی ایذا دینا ہے۔[۲۱] درج بالا اقتباس ایک اور سمت بھی اشارہ ہوتا ہے کہ گوتم بدھ نے تشدد کے عنصر کی وضاحت کرتے ہوئے "وجود" کا لفظ استعمال کیا ہے جس سے علم ہوتا ہے کہ بدھ مت میں تشدد کی ممانعت صرف انسانوں تک ہی محدود نہیں، بلکہ اس کا دائرہ کار وسیع ہے

---

۱۸– ستیا پرکاش، بھلبھدرا پرساد مشرا، **مانک انگریزی ہندی کوش** (الہ آباد: ہندی سہتیہ سمیلان، ۱۹۹۸ء)، ۱۵۰۷۔

19– Thomas Cleary, *The Flower Ornament Scripture: A Translation of the Avatamsaka Sutra* (Boston: Shambhala Publications, 1993), 1276.

20– The Book of Analysis (Vibhanga), trans. Ashin Thittila Pathamakyaw (Bristol: The Pali Text Society, 2010), 111.

21– "Vanijja Sutta: Business (Wrong Livelihood)" (AN 5.177), translated from the Pali by Thanissaro Bhikkhu. Access to Insight (BCBS Edition), 3 July 2010, http://www.accesstoinsight.org/tipitaka/an/an05/an05.177.than.html accessed on February, 20 2020.

اور اس میں کائنات کی دوسری موجودات بھی شامل ہیں۔ شاید اسی لیے مشہور جاپانی بدھ فلسفی دائیسا کو اکیدا سمجھتے ہیں کسی چیز کو نقصان پہنچانا ایسا ہی ہے جیسا تمام کائنات کو نقصان پہنچانا؛ اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔ جب انسان کائنات کے ساتھ ایک نہیں ہوتا توریت کے ذروں کی طرح ایک دوسرے سے بکھر کر الگ ہو جاتا ہے اور تشدد اس کے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے جنم لینے لگتا ہے۔(۲۲) لہٰذا بدھ مت کسی بھی چیز کو نقصان پہنچانے کی سختی سے ممانعت کرتا ہے۔

**براہماجالا سوترا** جو کہ مہایانہ اور کورئین بدھ مت کی ایک اہم کتاب تصور کی جاتی ہے، کے مطابق گوتم بدھ نے بدھستوا سے مخصوص ایک مختلف قسم کے تشدد کی نشان دہی بھی کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر بدھستوا اہل ہوس بن جائیں اور جانوروں، ماں، بیٹیوں، بہنوں یا اقربا سے جنسی تعلق قائم کریں گے تو یہ بھی ایک پُر تشدد عمل ہو گا جو کہ "پراجیکا" (۲۳) کے درجے کا ہے۔(۲۴) واضح رہے پراجیکا بدھ مت میں گناہ کبیرہ کا وہ درجہ ہے جس کی کسی بدھستوا کے لیے کوئی معافی نہیں۔ اگر اس سے اس درجے کا گناہ سرزد ہو جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس زندگی میں کبھی بھی بدھستوا کے درجے کو دوبارہ حاصل نہیں کر سکتا۔

عربی زبان میں لفظ "تشدّد" ثلاثی مزید فیہ کے "باب تفعّل" سے مصدر ہے،(۲۵) جس کا مطلب سختی کرنا، دباؤ ڈالنا اور بخل کرنا وغیرہ ہیں۔ اگر یہ بمعنی فاعل ہو تو اس سے مراد وہ شخص ہو گا جس نے تھیلی کو بوجہ بخل سختی سے باندھ رکھا ہو۔(۲۶) یعنی یہ شخص اپنے بخل میں اس قدر متشدد واقع ہوا ہے کہ اس نے اپنا مال خرچ نہ کرنے میں تشدد کا مظاہرہ کرتے ہوئے تھیلی کا منہ سختی سے باندھ رکھا ہے۔ عربی زبان میں تشدد کے لیے غلو کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ابن فارس (۹۴۱-۱۰۰۴ء) جنہیں عربی زبان و ادب میں امام کا درجہ حاصل ہے، اس ضمن

---

22– Daisaku Ikeda, The Heart of the Lotus Sutra: Lectures on the "Expedient Means" and "Life Span" Chapters (Santa Monica: World Tribune, 2013), 122.

۲۳– پراجیکا کے متعلق مزید معلومات کے لیے دیکھیے:
*The Book of the Discipline : Vinaya-Pitaka*, trans. Isaline Blew Horner, vol. 1 (London: Pali Text Society, 1949), 1.

24– A. Charles Muller, *Exposition of The Sutra of Brahma's Net*, vol. 11, Collected Works of Korean Buddhism (Paju: Compilation Committee of Korean Buddhist Thought, 2012), 276.

۲۵– ابراہیم مصطفیٰ، احمد الزیات، حامد عبد القادر، محمد النجار، **المعجم الوسیط** (قاہرہ: مکتبہ دار الدعوہ، ۱۴۱۱ھ)، ۴۹۱۔

۲۶– ابو القاسم الحسین بن محمد المعروف راغب اصفہانی، **مفردات القرآن** (دمشق: مکتبة دار القلم، ۱۴۱۲ھ)، ۴۴۷۔

میں لکھتے ہیں کہ غلو سے مراد حد کو پار کر لینا ہے۔ [۲۷] مشہور محدث ابن حجر العسقلانی (۱۳۷۲ء-۱۴۴۹ء) ﴿یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ﴾ [۲۸] (کہو، اے اہلِ کتاب! اپنے دین میں مبالغہ نہ کرو) کی وضاحت میں لکھتے ہیں کہ غلو کے معنی کسی چیز میں تشدد کو اپنانا اور حد پار کر لینا کے ہیں۔[۲۹] لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام میں تشدد سے مراد سختی کرنا اور توازن کو نظر انداز کرتے ہوئے شرعی حد کو پار کر لینا ہے جو ممنوع ہونے کے ساتھ ساتھ قابل گرفت بھی ہے۔ عربی زبان میں اس کے لیے اِعتدا کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے جس کے معنی کسی عمل میں زیادتی کرنا کے ہیں۔ قرآن مجید میں فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ﴾ [۳۰] یعنی اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں لیکن زیادتی مت کرو، بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں معروف مفسر و محدث اسماعیل بن عمر بن کثیر (۱۳۰۱ء- ۱۳۷۳ء) لکھتے ہیں کہ اسلام میں اللہ کی راہ میں صرف اسی کو قتل کرنے کا حکم ہے جو مسلمانوں کو قتل کرے۔ تاہم اس میں بھی زیادتی سے منع کیا گیا ہے۔ وہ حسن البصری (۶۴۲ء- ۷۲۸ء) کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ یہاں زیادتی سے مراد بوڑھوں، عورتوں اور بچوں کے قتل کی ممانعت ہے۔ اسی طرح درختوں کو جلانا اور بغیر کسی وجہ کے جانوروں کو مارنا بھی زیادتی میں شمار کیا گیا ہے۔[۳۱] لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام نے جنگ و جدل میں بھی صرف انھیں لوگوں کے ساتھ قتال کا حکم دیا ہے جو مسلمانوں کو قتل کرنے کے درپے ہوں تاہم انھیں بھی اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ وہ کسی صورت میں بھی زیادتی کے مرتکب نہ ہوں۔ جہاد کو عموماً تشدد کے ساتھ جوڑا جاتا ہے تاہم درج بالا آیت سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ جہاد یا قتال کا حکم بھی ان لوگوں کے لیے ہے جو دوسروں پر ظلم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی قرآن مجید میں متعدد ایسے الفاظ مستعمل ہیں جن سے اس

---

۲۷- احمد بن فارس بن زکریا، **معجم مقاييس اللغة**، تحقیق، عبد السلام محمد ہارون (بیروت: دار الفکر، ۱۳۹۲ھ)، ۴: ۳۸۷۔

۲۸- القرآن ،۵: ۷۷۔

۲۹- احمد بن علی بن حجر العسقلانی، **فتح الباري شرح صحيح البخاري**، تحقیق، محمد فؤاد عبد الباقی (قاہرہ: المطبعة السلفیة، س۔ن)، ۱۳: ۲۷۸۔

۳۰- القرآن ،۱۹۰:۲۔

۳۱- اسماعیل بن عمر بن کثیر ،**تفسير القرآن العظيم**، تحقیق، سامی بن محمد السلامہ (ریاض: دار طیبة، ۱۹۹۹ء)، ۱: ۵۲۴۔

عمل کی مزید وضاحت ہوتی ہے۔ مثلاً:

۱. **أشق:** کس کام کا سخت مشکل ہونا۔ جیسا کے قرآن مجید میں آتا ہے: ﴿وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ﴾ (۳۲) یعنی آخرت کا عذاب تو بہت ہی سخت ہے۔

۲. **أشد:** طاقت اور زور میں سخت ہونا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰى اَشَدِّ الْعَذَابِ﴾ (۳۳) یعنی آخرت میں وہ شدید عذاب کی طرف لوٹا دیے جائیں گے۔

۳. **أدهى :** کسی کو مصیبت میں ڈال دینا۔ جیسا کہ فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ﴾ (۳۴) یعنی قیامت بہت سخت اور بہت تلخ ہے۔

۴. **رابية:** ہر آن بڑھتے رہنا۔ جیسا کہ قرآن مجید میں مذکور ہے: ﴿فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً﴾ (۳۵) یعنی پس ان کو بہت سختی سے پکڑا۔

۵. **قسوة :** دل کی سختی یا سنگ دلی۔ جیسا کہ قرآن مجید میں آتا ہے: ﴿فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ (۳۶) یعنی افسوس ان لوگوں پر جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں۔

۶. **عصيب:** یعنی مشکل یا تعصب۔ جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ﴿هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ﴾ (۳۷) یعنی آج کا دن بہت مشکل ہے۔ اس سے مراد نظریے یا عقیدے کی سختی بھی لیا جاتا ہے۔

۷. **غليظ:** یعنی سخت اور گاڑھا، اس سے مراد سنگ دل ہونا بھی لیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے: ﴿عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ﴾ (۳۸) یعنی ان پر تند خو سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں۔

---

۳۲۔ القرآن، ۱۳: ۳۴۔

۳۳۔ القرآن، ۲: ۸۵۔

۳۴۔ القرآن، ۵۴: ۴۶۔

۳۵۔ القرآن، ۶۹: ۱۰۔

۳۶۔ القرآن، ۳۹: ۲۲۔

۳۷۔ القرآن، ۱۱: ۷۷۔

۳۸۔ القرآن، ۶۶: ۶۔

۸. <u>عرم:</u> مزاج کی سختی۔ جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے: ﴿فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ﴾ [۳۹]
یعنی جب انھوں نے شکر گزاری سے منہ پھیر لیا تو اس نے ان پر زور کا سیلاب چھوڑ دیا۔

۹. <u>قمطریر:</u>[۴۰] سخت بے قرار کر دینے والا رویہ اپنانا۔ جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے: ﴿إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا﴾[۴۱] یعنی ہمیں اپنے رب سے اس دن کا ڈر لگتا ہے جو چہروں کو خراب اور دل کو سخت پریشان کر دینے والا ہے۔

۱۰. <u>بأساء:</u> کسی لڑائی یا بھوک کی سختی۔ اس سے مراد جنگ بھی ہے۔[۴۲] جیسا کہ قرآن مجید میں آتا ہے: ﴿فَأَخَذْنَاهُم بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ﴾[۴۳] یعنی ان کو سختیوں اور مصیبتوں میں ڈالا۔

<u>طغی:</u> یعنی حد سے تجاوز کرنا۔ جیسا کہ قرآن مجید میں فرمان باری تعالی ہے: ﴿مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ﴾[۴۴] یعنی ان کی آنکھ نہ تو کسی اور طرف مائل ہوتی ہے نہ حد سے بڑھتی ہے۔

درج بالا نکات سے واضح ہوتا ہے کہ قرآن مجید تشدد کے مختلف رویوں کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی متعدد اقسام بیان کرتا ہے۔ ان سب اقسام میں قدر مشترک کسی بھی معاملے میں غلو اور سختی کا مظاہرہ کرنا ہے جو جسمانی یا ذہنی دونوں ہو سکتی ہیں۔ سختی کا تعلق خدا اور انسان دونوں کے ساتھ ہے۔ انسان کے لیے خدا کی طرف سے اس کی ممانعت ہے۔ اس کے لیے یہ حکم ہے کہ وہ شرعی حد کو عبور نہ کرے۔

## تشدد سے بچاؤ

ہمسا کے برعکس بدھ مت نے اہمسا کو اپنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ اہمسا کا براہ راست تعلق ان پانچ اخلاقی اصولوں (پنج شیل) سے جن سے بچے بغیر انسان نروان نہیں حاصل کر سکتا۔ بدھ مت اسے ایک ذہنی رویہ،[۴۵]

---

۳۹۔ القرآن، ۳۴: ۱۶۔

۴۰۔ القرآن، ۷۶: ۱۰۔

۴۱۔ القرآن، ۷۶: ۱۰۔

۴۲۔ عبدالرحمٰن کیلانی، **مترادفات القرآن** (لاہور: مکتبۃ السلام، ۲۰۰۹ء)، ۵۸۱۔

۴۳۔ القرآن، ۶: ۴۲۔

۴۴۔ القرآن، ۵۳: ۱۷۔

45– Asanga, *Abhidharmasamuccaya: The Compendium of the Higher Teaching*

صحیح سوچ،[۴۶] صحیح ارادہ[۴۷] اور جذبۂ رحم دلی[۴۸] گردانتا ہے۔ **ابھی دھرما ساموکایا** جسے بدھ مت کی ایک اہم کتاب تصور کیا جاتا ہے کے مطابق اہمسا ایک رحم دلی (کرونا) ہے جو نفرت کو کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس کا کام اذیت دینے سے روکنا ہے۔[۴۹] رحم دلی اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتی جب تک تشدد ختم نہ ہو گا۔[۵۰] واضح رہے **ابھی دھماپٹاکا** جو کہ پالی مجموعہ کتب کا ایک حصہ ہے کے مطابق نفرت کو گوتم بدھ نے ان دس بنیادی خرابیوں میں شامل کیا ہے جو "بدعنوانی" کا سبب بنتی ہیں۔[۵۱] تبتین بدھ مت کے مشہور فلسفی جامگن جومی فام گیاتسو (۱۸۴۶ء-۱۹۱۲ء) عدم تشدد کی شرح میں لکھتے ہیں کہ اس سے مراد وہ مشفقانہ رویہ ہے جس کا تعلق غضب ناک نہ ہونے سے ہے۔ اس کا کام دوسروں کو تکلیف دینے سے روکنا ہے۔[۵۲] لہٰذا درج بالا آرا کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ بدھ مت میں تشدد کے برعکس عدم تشدد ایک ایسا رویہ یا جذبہ ہے جو انسان میں منفی کیفیتوں کو ختم کر کے مثبت رویوں کے فروغ میں مددگار ہے۔

بھکو بدھی جو ایک مشہور امریکی مصنف ہیں اور جنھوں نے بدھ مت کی درجنوں کتب کا انگریزی ترجمہ کیا ہے اس بارے میں لکھتے ہیں کہ اگرچہ گوتم بدھ کی تعلیمات کا زیادہ زور اخلاقیات اور ذہنی رویوں کی درستی پر تھا لیکن تشدد اور ناانصافی کا خاتمہ بھی ان کے مقاصد میں شامل تھا۔ اسی لیے وہ اپنے اعمال میں بے ضرر، کلام میں لطیف اور تنازعات میں پرامن تھے۔[۵۳] چوں کہ بدھ مت میں تشدد کی ایک قسم ذہنی تشدد بھی ہے تو اس سے

---

*(Philosophy) by Asanga*, trans. Sara Boin-Webb (Fremont: Asian Humanities Press, 2001), 8.

46– Ibid., 167.

47– Bhikkhu Bodhi, *The Connected Discourses of the Buddha: A Translation of the Samyutta Nikaya* (Boston: Wisdom Publications, 2000), 1528.

48– Bhadantācariya Buddhaghosa, *The Path of Purification: Visuddhimagga*, trans. Bhikkhu Ñāṇamoli (Kandy: Buddhist Publication Society, 2010), 312.

49– Asanga, *Abhidharmasamuccaya: The Compendium of the Higher Teaching (Philosophy) by Asanga*, 11.

50– Buddhaghosa, *The Path of Purification: Visuddhimagga*, 312.

51– *A Buddhist Manual of Psychological Ethics of the Fourth Century B.C.*, trans. A. F. Rhys Davids (London: Royal Asiatic Society, 1900), 328.

52– Jamgon Mipham Rinpoche, *Gateway to Knowledge: A Condensation of the Tripitaka, Vol. 1*, trans. Erik Pema Kunsang, 1st ed. (Hong Kong: Rangung Yeshe Publications, 1997), 1:25.

53– Bodhi Bhikkhu, *In the Buddha's Words: An Anthology of Discourses from the*

بچاؤ کے لیے انسان کی سوچ کو بدلنے کا عندیہ دیا جاتا ہے۔ لہٰذا بدھ مت کسی ایسے جذبے یا رویے کے متعلق سوچنے سے بھی منع کرتا ہے جو تشدد کی طرف لے جانے والا ہو۔[۵۴] ہشت پہلو راستے کا دوسرا حصہ "سمیک سنکلپ (سنسکرت)/ سماسنکپا (پالی)" یعنی صحیح سوچ یا صحیح نیت ہے۔ یہ صحیح سوچ انسان کو تشدد کے عنصر کو ختم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ یہاں بدھ مت اپنے پیروکاروں کو نہ صرف اس بات سے منع کرتا ہے کہ وہ اپنے ذہن میں ایسی سوچ کو نہیں آنے دیں گے جو نفرت، غصہ، ہوس اور تشدد پر مبنی ہو، بلکہ اس سے بھی آگے بڑھتے ہوئے وہ محبت، رحم دلی اور اہمسا کی سوچ کو اپنائیں گے تاکہ ان کے ذہنوں تک میں تشدد کے جذبات نہ ابھر سکیں۔[۵۵] تشدد کے عنصر کو ختم کرنے کے لیے بارہا گوتم بدھ نے اپنے پیروکاروں کو تشدد کی سوچ کو ختم کرنے کا کہا۔[۵۶] وہ ایک بھکشو کو بہ طور خاص یہ بھی سمجھاتے نظر آتے ہیں کہ تشدد ختم کرنا صرف عدم تشدد کی سوچ یا احساس کو اپنانا نہیں، بلکہ اسے اپنے الفاظ اور اعمال سے بھی اس کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔[۵۷] وہ نہ صرف خود تشدد نہیں کرے گا، بلکہ تشدد کے فروغ کا سبب بھی نہیں بنے گا۔ وہ ایسے الفاظ استعمال نہیں کرے گا جو تشدد کے فروغ کا سبب بنیں۔[۵۸] اس ضمن میں وہ مشورہ دیتے ہیں کہ "غصے کو کبھی اپنے اوپر حاوی نہ ہونے دینا، ان لوگوں پر غضب ناک مت ہونا جو غضب ناک ہیں۔ عدم غضب ناکی اور عدم تشدد ہمیشہ شریف النفس لوگوں کے دلوں میں پھلتا پھولتا ہے۔ غصہ برف کے پہاڑ کی طرح برے لوگوں کو پاش پاش کر دیتا ہے۔"[۵۹] اس اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ غصے کو تشدد کی ایک اہم وجہ تصور کرتے ہیں۔ اسی لیے وہ اپنے پیروکاروں کے لیے غصے کو اپنے اوپر حاوی ہونے سے روکنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ بہ طور خاص یہ نصیحت کرتے ہیں کہ وہ شخص جو غصے میں ہے اس کے غصے کا جواب غصے سے نہیں دینا چاہیے؛ کیوں کہ ایسا کرنا جھگڑے کو بڑھائے گا اس میں کمی کا سبب نہیں بنے گا۔ اسی طرح وہ یہ بھی بتا دیتے ہیں کہ

---

*Pali Canon* (New York: Simon and Schuster, 2005), 23.

54– *The Book of Analysis (Vibhanga)*, 472.

55– Asanga, *Abhidharmasamuccaya: The Compendium of the Higher Teaching (Philosophy) by Asanga*, 167; *The Book of Analysis (Vibhanga)*, 138, 308.

56– Bhikkhu Bodhi, *The Numerical Discourses of the Buddha: A Complete Translation of the Anguttara Nikaya* (Boston: Wisdom Publications, 2012), 447, 986, 517, 617.

57– Ibid., 45.

58– Muller, *Exposition of The Sutra of Brahma's Net*, 11, 190.

59– Bodhi, *The Connected Discourses of the Buddha: A Translation of the Samyutta Nikaya*, 340.

جو شخص غصے کو پی لے گا اور کسی کو نقصان نہیں پہنچائے گا وہی ایک شریف النفس شخص ہو گا۔ لہٰذا بدھ مت اپنے پیروکاروں کو یہ بتاتا ہے کہ اگر انھوں نے یہ دیکھنا ہے کہ کون ان میں سے اچھا ہے؟ تو یہ دیکھیں کہ کیا وہ شخص عدم تشدد کو اپنائے ہوئے ہے یا نہیں؟ کیوں کہ عدم تشدد کو وہی اپنا سکے گا جو اچھا ہے۔ اس کے برعکس ایک برا شخص تشدد کو اپنائے ہوئے ہو گا اور ایک وقت ایسا آئے گا یہی پر تشدد رویہ اس شخص کے زوال اور خاتمے کا سبب بنے گا۔

بدھ مت انسان کو طاقت کے استعمال سے روکتا ہے۔ **براہماجالا سوترا** کے مطابق گوتم بدھ نے اپنے پیروکاروں کو ہر قسم کے حالات میں تشدد سے منع کیا ہے۔ جیسا کہ مذکور ہے: "بدھانے کہا' میرے شاگردو تم غصے کا جواب غصے سے مت دو اور نہ تشدد کا تشدد سے۔ اگر کوئی تمھارے والدین کو، بچوں کو یا خاندان کے دوسرے افراد کو قتل کر دے تو تمھیں بدلہ نہیں لینا چاہیے۔ اگر کوئی تمھیں بادشاہ یا حکم ران تک کو قتل کر دے تب بھی تم ایسا مت کرو۔ جان لینا یا قتل کا انتقام لینا صریح پرہیز گاری نہیں ہے۔"[۶۰] اس اقتباس سے پتا چلتا ہے کہ گوتم بدھ نے تشدد کی کس سختی سے ممانعت کی ہے۔ انھوں نے اپنے شاگردوں پر یہ واضح کر دیا کہ تشدد تو درکنار انھیں کسی پر غضب ناک بھی نہیں ہونا۔ وہ بدلہ لینے کی چاہ نہیں رکھیں گے یہاں تک کہ اگر کوئی ان کے والدین، اولاد یا خاندان کے کسی فرد کو ہی قتل کر دے۔ والدین اور اولاد دنیا کی محبوب ترین ہستیاں تصور کی جاتی ہیں اور ان کا قتل انسان کو نفسیاتی ہیجان میں مبتلا کر دینے کے لیے کافی ہے۔ ایسی صورت میں انسان کا انتقام کی آگ میں جلنا ایک فطری عمل ہے تاہم گوتم بدھ نے اپنے پیروکاروں کو یہاں بھی یہ بتا دیا ہے کہ وہ انتقام نہیں لیں گے۔ ایسا کر کے انھوں نے انسان کو دوہرے تشدد سے روکا ہے۔ ایک وہ تشدد جو بدلہ لینے والا کرتا ہے اور دوسرا وہ تشدد جو اس شخص پر ہوتا ہے جس نے کسی کی جان لی ہے۔ اسی لیے بدھ مت نے قتل کو بھی "پراجیکا" میں شامل کیا ہے۔ اسی طرح انھوں نے حکم ران کے قتل پر بھی اشتعال میں آنے اور بدلہ لینے سے خصوصی طور پر روکا ہے۔ چوں کہ کسی ریاست کے حکم ران کا قتل ایک بڑا واقعہ ہوتا ہے جس کا نتیجہ ملکی سطح کی جنگوں میں نکلتا ہے۔ یہی جنگیں قوموں کے زوال کا سبب بنتی ہیں۔ ایک ایک چیز جو تنکا تنکا کر کے اکٹھی کی ہوتی ہے یک بار گی جنگوں کی نذر ہو جاتی ہے۔ ایسے بے گناہ افراد بھی اس کی بھینٹ چڑھتے ہیں جن کا اس قتل سے یا اس جنگ سے دور کا واسطہ بھی نہیں ہوتا لہٰذا ایسا کر کے گوتم بدھ نے جنگوں کو ٹالنے کا ایک لائحۂ عمل اپنے پیروکاروں کو دے دیا ہے اور یہ بتا دیا ہے کہ اگر انھوں نے پرہیز گار رہنا ہے تو انھیں ہمہ قسم کے تشدد سے ہر حال میں بچنا ہو گا۔

"ہشت پہلو راستہ" جس پر چلے بغیر بدھ مت کے نزدیک انسان کی نجات ممکن نہیں ان میں سے ایک

60– Muller, *Exposition of The Sutra of Brahma's Net*, 11, 357.

"سمیک کرمانتا (سنسکرت) / سماکمانتا (پالی)" یعنی صحیح عمل ہے۔ ان صحیح اعمال کی طرف توجہ دلاتے ہوئے بھی گوتم بدھ نے سب سے پہلے "قتل" سے منع کیا تھا۔ قتل کا دائرہ کا بدھ مت میں صرف کسی انسان کے قتل تک ہی محدود نہیں، بلکہ بدھ مت اپنے پیروکاروں کو کسی بھی جان دار کو قتل کرنے سے منع کرتا ہے۔ لہذا اہشت پہلو راستے کو اس وقت تک اپنانا ممکن نہیں جب تک قتل سے بچانہ جا سکے جو کہ عدم تشدد کا اولین جزو ہے۔ اس بارے میں گوتم بدھ واضح طور پر بتاتے ہیں کہ بھکشو وہ ہے جو جان داروں کا قتل نہیں کرتا؛ وہ ہاتھ میں چھڑی یا تلوار نہیں رکھتا؛ وہ تشدد سے نادم ہوتا ہے؛ وہ عفوودرگزر اور رحم دلی کا دامن نہیں چھوڑتا اور وہ تمام جان داروں سے شفقت کا برتاؤ کرتا ہے۔[۶۱] لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ بدھ مت ایک ایسا مذہب ہے جو اپنے پیروکاروں کے لیے یہ ضروری گردانتا ہے کہ وہ نہ صرف عدم تشدد کا راستہ اپنائیں، بلکہ اس سے بھی آگے بڑھتے ہوئے محبت، رحم دلی اور شفقت کے جذبات تمام جان داروں کے لیے پیدا کریں۔ اگر کوئی ایسا نہیں کرتا تو وہ بدھ مت کے مطابق نروان کے حصول میں بے نیلِ مرام رہے گا۔ عدم تشدد کے رویے کو بدھ مت میں صرف انسانوں تک ہی محدود نہیں کیا گیا، بلکہ اس سے آگے بڑھتے ہوئے دنیا کی دوسری موجودات مثلاً جانوروں تک کو اس میں شامل کیا گیا ہے۔ بدھا نے ان لوگوں کو "عظیم پر منور ہستیاں" کہا ہے جو جانوروں پر ہوتے ہوئے ظلم سے بھی لوگوں کو منع کرتے ہیں۔[۶۲]

تشدد کے برعکس عدم تشدد کے لیے قرآن و احادیث میں مختلف الفاظ وارد ہوئے ہیں جیسا کہ "فَظًّا" یعنی "نرمی"، تخفیف، صبر، عفواًوغیرہ، نیز جو الفاظ تشدد پر دلالت کرتے ہیں ان میں بعض الفاظ کو لائے نہی کے ساتھ بھی اسی مقصد کے لیے استعمال کیا گیا ہے ۔ **صحیح بخاری** میں حدیث کے یہ الفاظ مروی ہیں: "يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا، وَلاَ تُنَفِّرُوا"[۶۳] یعنی آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور خوش کرو اور نفرت نہ دلاؤ۔ آپ ﷺ نے تو مردے کو دفناتے وقت بھی "حد سے تجاوز" کرنے سے منع کیا ہے۔ جیسا کہ **سنن ابو داؤد** میں مذکور

---

61– *A Designation of Human Types (Puggala Pannatti)*, trans. Bimala Charan Law (Lancaster: The Pali Text Society, 2006), 79; *The Long Discourses of the Buddha: A Translation of the Digha Nikaya*, (Boston: Wisdom Publications, 1995), Walshe, Maurice, 453.

62– Cleary, *The Flower Ornament Scripture: A Translation of the Avatamsaka Sutra*, 605.

۶۳– محمد بن اسماعیل البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب العلم، باب باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يتخولهم بالموعظة والعلم كيلا ينفروا (دمشق:مكتبة دار ابن كثير،۲۰۰۲ء)،رقم:۶۹، ۳۰۔

ہے:"سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَغَالَوْا فِي الْكَفَنِ فَإِنَّهُ يُسْلَبُهُ سَلْبًا سَرِيعًا." (۶۴) آپ ﷺ کو یہ کہتے سنا گیا کہ آپ فرماتے تھے کہ کفن میں حد سے تجاوز نہ کرو؛ کیوں کہ وہ بہت جلد خراب ہوجائے گا۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:﴿ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ﴾(۶۵) یعنی نیکی اور تقویٰ پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔ اس آیتِ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے ایک اصول بیان فرمادیا ہے کہ گناہ اور زیادتی پر کسی کی مدد نہ کی جائے۔ اس اصول پر عمل کرتے ہوئے انسان نہ صرف سختی اور زیادتی سے بچ سکتا ہے بلکہ ایک بہترین معاشرہ تشکیل دینے میں بھی اپنا کردار ادا کرسکتا ہے۔ جب وہ صرف نیکی اور تقوی میں لوگوں کی مدد کرے گا اور تشدد اور گناہ میں لوگوں کی مدد نہیں کرے گا تو نتیجتاً نیکی اور تقوی کو فروغ ہوگا اور سختی اور گناہ میں کمی آئے گی۔ یہ اصول زندگی کے ہر شعبے میں اپنایا جاسکتا ہے۔ اس طرح انسان، تکبر، بغض، لالچ اور حسد جیسی معاشرتی برائیوں سے بھی بچ سکتا ہے؛ کیوں کہ یہ برائیاں بھی انسان کو تشدد کی طرف لے جاسکتی ہیں۔ جیسا کہ قرآن مجید نے ہابیل اور قابیل کے قصے میں بیان کیا ہے کہ ایک بھائی نے دوسرے کو حسد کی بنا پر قتل کردیا(۶۶) جو تشدد کی بدترین قسم ہے اور جسے اسلام نے تمام انسانیت کے قتل کے مترادف کہا ہے۔ **صحیح بخاری** کی حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم" ایک آدمی نے عرض کی اے اللہ کے رسول! مظلوم ہونے کی صورت میں مدد کریں تو ٹھیک ہے، لیکن ظالم ہونے کی صورت میں کیسے مدد کریں؟ فرمایا: "اسے ظلم نہ کرنے دو ظلم سے روک لو، یہی اس کی مدد ہے"(۶۷) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ظالم کو ظلم سے روکنا بھی اس کی مدد ہے تاکہ دنیا و آخرت میں سلامتی کی زندگی گزارے۔ لہٰذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ اسلام نہ صرف تشدد سے منع کرتا ہے بلکہ اپنے پیروکاروں کو اس کو روکنے کی ترغیب بھی دیتا ہے۔

---

۶۴- سلیمان بن الأشعث ابو داوٗد، **السنن**، كتاب الجنائز، باب كراهية المغالاة في الكفن، ت، رائد بن صبری (ریاض: دار الحضارة للنشر والتوزيع، ۲۰۱۵ء)، رقم: ۳۱۵۴، ۴۰۴۔

۶۵- القرآن، ۵: ۲۔

۶۶- ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن ابو بکر قرطبی، **تفسیر قرطبی** (مترجم) (لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۱۲ء)، ۳: ۵۴۱۔

۶۷- **صحيح البخاري**، كتاب الإكراه، باب يمين الرجل لصاحبه أنه أخوه إذا خاف عليه القتل أو نحوه، حدیث: ۶۹۵۲، ۱۷۲۱۔

اسلام نے ہر چیز میں سختی اور جبر سے منع کیا ہے، چاہے وہ دین کی پیروی[۶۸] ہو یا اکل و شرب۔[۶۹] تاہم یہ ان لوگوں پر سختی سے منع نہیں کرتا جو تشدد کے فروغ کا سبب بنتے ہیں۔ اس ضمن میں مسلمانوں کو ایک اصول دے دیا گیا ہے کہ وہ شرعی حد سے تجاوز نہیں کریں گے۔ مثلاً قتل کی اگرچہ اسلام میں سختی سے ممانعت کی گئی ہے اور ایک انسان کے قتل کو تمام انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیا گیا ہے[۷۰] تاہم قصاص مسلمانوں پر فرض ہے۔ مگر اس میں بھی اللہ تعالی نے خون بہا لے کر معاف کرنے کی رعایت دے رکھی ہے، نیز قصاص کے حکم میں بھی زیادتی سے سختی سے منع کرتے ہوئے دردناک عذاب کی تنبیہ بھی کر دی گئی ہے۔[۷۱] قصاص ایک شرعی حد ہے جو مسلمانوں پر فرض ہے۔ قاتل کو اس لیے بھی قتل کیا جا سکتا ہے تاکہ وہ مزید قتل نہ کرے۔ تاہم کسی انسان کا قصداً قتل اسلام میں حرام ہے۔ لہذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ شرعی حد وہ توازن ہے جس کا اپنانا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ وہ صرف اس حد تک بدلہ لے سکتا ہے جس حد تک شریعت اس کو اجازت دے رکھی ہے۔ قرآن مجید میں واضح بتا دیا گیا ہے:

﴿وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ۝ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ۝ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ۝ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ﴾[۷۲]

(اور جب ان پر ظلم کیا جاتا ہے تو وہ اپنا دفاع کرتے ہیں اور برائی کا بدلہ اسی طرح کی برائی ہی ہے، لیکن جس نے معاف کر دیا اور صلح کر لی تو اس کو اللہ اس بات کا اجر دے گا۔ بے شک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو لوگ مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لیں تو ان پر کسی قسم کی ملامت نہیں کی جا سکتی؛ ملامت ان پر کی جا سکتی ہے جو دوسروں پر ظلم کے مرتکب ہوتے ہیں اور زمین میں ناحق زیادتیاں کرتے ہیں۔ انھیں کے لیے عذاب الیم ہے۔ اور جو لوگ صبر کرتے ہیں اور درگزر کرنے والے ہیں یہ باہمت کاموں میں سے ہے۔)

ان آیات کی تفسیر میں ابن کثیر رقم طراز ہیں کہ یہ انسان کے غصے پر قابو پانے کی طرف اشارہ ہے؛

---

۶۸– القرآن، ۲: ۲۶۴۔

۶۹– القرآن، ۸۱:۲۰۔

۷۰– القرآن، ۵:۳۲۔

۷۱– القرآن، ۲: ۱۷۸۔

۷۲– القرآن، ۴۲: ۳۹-۴۳۔

کیوں کہ غصہ انسان کو معافی اور خوش خلقی سے دور رکھتا ہے۔ وہ **صحیح بخاری** کی ایک روایت کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی اپنے نفس کا بدلہ کسی سے نہیں لیا تھا۔ جس طرح سیدنا یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا کہ "آج تم پر کوئی ملامت نہیں۔ اللہ تمھیں معاف کرے"[۷۳] اسی طرح آپ ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر کیا تھا جب کفار میں سے ۸۰ لوگ مسلمانوں کے لشکر میں گھس گئے تھے تو پکڑے جانے پر ان کو معاف کر دیا گیا۔ اسی طرح آپ نے غورث بن حارث، جس نے آپ ﷺ کے سوتے ہوئے ان کی تلوار پر قبضہ کر لیا تھا، کو معاف کر دیا۔ لبید بن اعصم کو جادو کرنے کی پاداش میں قدرت ہوتے ہوئے بھی آپ نے معاف کر دیا۔ مرحب یہودی کی بہن زینب نے آپ کو بکری کے گوشت میں ملا کر زہر دیا، تاہم پکڑے جانے پر اسے بھی آپ نے معاف کر دیا۔ اس کے علاوہ بھی عفو در گزر کے بہت سے واقعات آپ کی زندگی میں ملتے ہیں۔[۷۴] اس لیے ابن کثیر کا خیال ہے کہ اگرچہ بدلہ لینا جائز اور شریعت کے عین مطابق ہے، تاہم معاف کر دینا افضل ہے۔ لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ تشدد اور سختی کے خاتمے کے لیے اسلام عفو در گزر کو اپنانے کا مشورہ دیتا ہے تا کہ مسلمان شرعی حد کو نہ پار کریں اور توازن کی زندگی گزاریں۔ اسی لیے مسلمانوں کو امت وسط[۷۵] بھی کہا گیا ہے کیوں کہ ان کو توازن اپنانا ہو گا۔

مزید بر آں، درج بالا آیات مبارکہ جہاں اسلام نے عدم تشدد کا راستہ بتایا ہے، وہیں بدلے اور انتقام کا شرعی طریقہ بھی واضح کر دیا ہے۔ یہ اصول مسلمانوں کو فراہم کیا گیا ہے کہ مظلوم کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے۔ اس پر لازم نہیں ہے کہ وہ اس ظلم کو خاموشی سے سہے اور جواب نہ دے، بلکہ اس کو اس بات کی اجازت ہے کہ وہ بدلہ لے سکتا ہے۔ اس طرح بدلہ لینے سے ایک تو عدل و انصاف کے تقاضے پورے ہوں گے اور دوم ظالموں کے تشدد سے بچاؤ ممکن ہو گا، نیز اسلام نے معافی اور عفو و در گزر کا راستہ کھلا رکھتے ہوئے یہ فیصلہ بھی دیا ہے کہ اگر کوئی معاف کر دیتا ہے اور اپنے اوپر ہوئے ظلم کو بھلا کر صلح کی کوشش کرتا ہے تو اس کو اس عمل کی بھی اجازت ہے، لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام نے تشدد سے بچاؤ کے دو راستے مسلمانوں کے سامنے رکھ دیے ہیں۔ ثانی الذکر میں اللہ نے اجر کی صورت میں انعام کی نوید بھی مسلمانوں کو سنائی ہے کیوں کہ یہ ایک مشکل عمل ہے اور صابر، باہمت لوگ ہی

---

۷۳- القرآن، ۱۲:۹۲۔

۷۴- ابن کثیر، **تفسیر القرآن العظیم**، ۷: ۲۱۱- ۲۱۲۔

۷۵- القرآن ۲ : ۱۴۳۔

ایسا کر سکتے ہیں۔ جب کسی پر ظلم کیا جاتا ہے تو وہ فطری طور پر بدلے کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ شریعت نے مسلمان کو حدود میں رہ کر انتقام لینے کا حق دیا ہے، اسی لیے اگر کوئی بدلہ لیتا ہے تو چوں کہ اس کو اسلام کے نزدیک اس بات کا حق حاصل ہے لہٰذا اس پر کسی قسم کی ملامت بھی نہیں کی جا سکتی نہ کوئی الزام ہی دھرا جا سکتا ہے۔ اس کے برعکس الزام ان لوگوں ہی پر ہوگا جنھوں نے پہل کی اور زمین میں فساد برپا کیا۔ ان لوگوں کے لیے اللہ تعالی نے سخت عذاب کی وعید سنائی ہے، تاہم یہ حق حاصل ہونے کے باوجود بھی اگر کوئی بدلہ نہیں لیتا اور درگزر سے کام لیتے ہوئے صلح کی کوشش کرتا ہے، تو اس کے صبر اور ہمت پر اس کے لیے خدا نے خصوصی اجر دینے کا وعدہ کر رکھا ہے۔

ابن کثیر کی وضاحت سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ تشدد اور انتقام کا براہ راست تعلق غصے سے ہے۔ غصے پر قابو پا کر انسان تشدد سے بچ سکتا ہے۔ اسلام نے اس ضمن میں مسلمانوں کو راستہ بتا دیا ہے۔ اللہ تعالی نے غضب ناک ہونے سے منع فرمایا ہے۔[۷٦] اس کی متعدد وجوہات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ غصہ نہ صرف انسان کو تشدد پر ابھار کر دوسروں کے نقصان کا سبب بنتا ہے، بلکہ خود اس کی صحت کے لیے بھی مضر ہے جو بالآخر اس کے زوال کا سبب بنتا ہے، لہٰذا غصے پر قابو پانے کے لیے اسلام نے ہدایات دی ہیں کہ جب غصہ آئے تو وضو کر لینا چاہیے، جیسا کہ حدیث مبارکہ میں ذکر ہے:" قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْغَضَبَ مِنْ الشَّيْطَانِ وَإِنَّ الشَّيْطَانَ خُلِقَ مِنْ النَّارِ وَإِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاء فَإِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ."[۷۷] یعنی رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ غصہ شیطان کی وجہ سے ہے اور شیطان آگ سے بنا ہے اور آگ کو پانی بجھا دیتا ہے۔ پس اگر کسی کو غصہ آئے تو وضو کر لے۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام کے مطابق غصہ ایک ایسا عمل ہے جو شیطان کے اثر کی وجہ سے آتا ہے۔ شیطان، اسلام میں انسان کا ایک ایسا دشمن سمجھا جاتا ہے جو اسے حق تک پہنچنے اور اسے پھیلانے سے روکتا ہے۔ اس کا مقابلہ بدھ مت میں مارا نامی قوت سے کیا جا سکتا ہے جس نے گوتم بدھ کو بھلائی کی تبلیغ سے روکنے اور ورغلانے کی کوشش کی تھی۔[۷۸] لہٰذا ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ شیطان کو شکست دینے کے لیے اپنے غصہ پر قابو پائے۔ اس کے لیے حدیث مبارکہ میں وضو کر لینے کا حکم دیا گیا ہے جس

---

۷٦- القرآن ۳: ۱۳۴۔

۷۷- ابوداؤد، **السنن**، کتاب الأدب، باب ما يقال عند الغضب، حدیث: ۴۷۸۴، ۲۰۰۔

۷۸- فاروقی، **دنیا کے بڑے مذاہب**، ۸۰۔

میں انسان پانی سے اپنے اعضا کو تین تین دفعہ دھوتا ہے۔ اسی طرح ایک اور حدیث میں کہا گیا ہے کہ غصے سے بچنے کے لیے انسان کو شیطان سے اللہ کی پناہ طلب کرنی چاہیے۔[۷۹] اسی طرح ایک اور حدیث میں ذکر ہے کہ جب غصہ آئے تو انسان کو بیٹھ جانا چاہیے۔[۸۰] ایک اور حدیث میں ذکر ہے کہ جب غصہ آئے تو چپ ہو جانا چاہیے۔[۸۱] لہٰذا غصے پر قابو پا کر انسان تشدد سے بچ سکتا ہے؛ کیوں کہ اسلام کے مطابق تشدد کا بنیادی سبب غصہ ہے۔ اسی لیے فرمان رسول ﷺ ہے کہ طاقت ور وہ نہیں جو اپنے حریف کو زمین پر گرا دے بلکہ طاقت ور وہ ہے جو غصے پر قابو رکھے۔[۸۲] تاہم اس کے ساتھ ساتھ اسلام مخصوص مقاصد کے لیے غصے کی اجازت بھی دیتا ہے۔ جیسا کہ حدیث مبارکہ میں ذکر ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے ساتھ ہوئی زیادتی کا بدلہ نہیں لیا کرتے تھے، تاہم جو شخص حرمت الٰہی کے خلاف جاتا تو اس سے انتقام لیتے۔[۸۳] اسی طرح وعظ و نصیحت میں آپ ﷺ جب کوئی دین میں سختی کرتا تو غصے کا اظہار کرتے۔ جیسا کہ احادیث مبارکہ میں روایت ہے کہ آپ کے پاس ایک شخص شکایت لے کر آیا کہ فلاں شخص بہت طویل نماز پڑھاتا ہے تو آپ سخت غصے میں آئے اور کہا کہ ''يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ مِنكُمْ مُنَفِّرِينَ.''[۸۴] یعنی اے لوگو ایسی سختیاں کر کے تم لوگوں کو دین سے نفرت دلاتے ہو، لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام نے بعض مقامات یا مقاصد کے حصول میں غصے کو جائز بھی قرار دیا ہے۔

حدیث مبارکہ میں جانوروں کے ساتھ بھی حسن سلوک کی تاکید فرمائی گئی اور بد سلوکی کو عذاب اور سزا کی وجہ گردانا گیا۔ **صحیح بخاری** میں روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ایک شخص راستے میں سفر کر رہا تھا کہ اسے

---

۷۹ – ابوداؤد، **السنن**، كتاب الأدب، باب ما يقال عند الغضب، رقم: ۴۷۸۱، ۲۰۰۔

۸۰– نفس مصدر، رقم: ۴۷۸۲۔

۸۱– محمد بن اسماعیل البخاری، **الأدب المفرد**، باب يسكت اذا غضب، تحقیق، محمد فواد عبد الباقی (قاہرہ: المطبعة السلفية ومكتبتها، ۱۳۷۵ھ)، رقم: ۱۳۲۰، ۳۳۷۔

۸۲– مسلم بن الحجاج، **الجامع الصحيح**، كتاب البر والصلة والآداب، باب فضل مَنْ يمْلك نفسه عند الغضب وبأي شيء يذهب الغضب افضل (بيروت: دار الكتب العلميه، ۱۹۹۱ء)، رقم: ۲۶۰۹، ۲۰۱۴۔

۸۳– مسلم، **الجامع الصحيح**، كتاب الفضائل، باب مباعدته صلى الله عليه وسلم للآثام واختياره من المباح أسهله، وانتقامه لله تعالى عند انتهاك حرماته، رقم: ۲۳۲۷، ۱۸۱۳۔

۸۴– نفس مصدر، كتاب الصلاة، باب أمر الأئمة بتخفيف الصلاة في تمام، رقم: ۴۶۶، ۳۴۰۔

پیاس لگی پھر اسے راستے میں ایک کنواں ملا اور وہ اس کے اندر اتر گیا اور پانی پیا جب باہر آیا تو اس کی نظر ایک کتے پر پڑی جو ہانپ رہا تھا اور پیاس کی سختی سے کیچڑ چاٹ رہا تھا۔ اس شخص نے سوچا اس وقت یہ کتا بھی پیاس کی اتنی ہی شدت میں مبتلا ہے جس میں، میں تھا چناں چہ وہ پھر کنویں میں اترا اور اپنے جوتے میں پانی بھر کر اس نے کتے کو پلایا۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ عمل قبول ہوا اور اس کی مغفرت کر دی گئی۔ صحابہ کرام نے پوچھا: اے اللہ کے رسول، کیا جانوروں کے سلسلے میں بھی ہمیں اجر ملتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں ہر جان دار مخلوق کے سلسلے میں اجر ملتا ہے۔[۸۵] ایک عورت کو اس لیے عذاب دیا گیا کہ وہ بلی کو باندھ کر رکھتی تھی، نہ کھلاتی نہ پلاتی اور نہ اسے چھوڑ دیتی کہ وہ خود کچھ کھا پی لے۔[۸۶] مذہب اسلام نے درختوں اور پودوں کو لگانے اور ان کی حفاظت کا حکم دیا ہے اور بلاضرورت کاٹنے، جلانے اور کسی بھی جہت سے ان کو نقصان پہنچانے سے منع فرمایا ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿وَإِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ﴾[۸۷] یعنی جب پلٹتا ہے تو زمین میں اس لیے محنت کرتا ہے تاکہ اس میں فساد پھیلائے اور کھیتی اور نسل کو برباد کرے اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ ابن کثیر اس آیتِ کریمہ کی روشنی میں لکھتے ہیں کہ ان منافقین ومفسدین کا کام فساد فی الارض اور کھیتوں کو تباہ وبرباد کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ یہ کھیت کھلیان، بیج اور پھل کی نشوونما، ان کی ترقی کا محل ہے، حیوانات کو غذا یہیں سے حاصل ہوتی ہے۔[۸۸] یحیٰ بن سعید سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اسلامی لشکر کو جنگ کے لیے ملک شام بھیجتے وقت فرمایا میں تم لوگوں کو دس باتوں کی وصیت کرتا ہوں۔ ان دس میں سے ایک یہ وصیت بھی تھی پھل دار درخت کو نہیں کاٹنا[۸۹] مذکورہ بالا روایت سے معلوم ہوا کہ اسلام جنگ کی حالت میں بھی پھل دار درختوں کو کاٹنے سے منع کرتا ہے تو جب جنگ کے دوران میں یہ احتیاط برتنے کا حکم ہے تو عام حالتوں میں کس قدر ان کی حفاظت کا حکم ہو گا؟

---

۸۵۔ بخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب المظالم، باب الآبار التي على الطريق إذا لم يتأذ بها، رقم: ۵۹۶، ۲۴۶۶۔

۸۶۔ نفسِ مصدر، کتاب بدء الخلق، باب إذا وقع الذباب في شراب أحدكم فليغمسه، رقم: ۸۱۴، ۳۳۱۸۔

۸۷۔ القرآن، ۲: ۲۰۵۔

۸۸۔ ابن کثیر، **تفسیر القرآن العظیم**، ۱، ۳۴۶۔

۸۹۔ مالک بن انس بن مالک، **موطأ إمام مالك**، کتاب الجهاد، باب النهي عن قتل النساء والولدان في الغزو (لبنان: مکتبہ إحياء التراث العربي، ۱۹۸۵ء) ۱۰، رقم: ۴۴۷۔

# عدم تشدد کے ثمرات

گوتم بدھ دونوں زندگیوں میں خوش حالی کی نوید اسی کو سناتے ہیں جو اہمسا کو اپنائے ہو۔ **انگتارانکایاجوستاپٹا کا** کی چوتھی کتاب ہے میں لکھا ہے کہ:

> بھکشو! چھ چیزوں کی موجودگی ایک بھکشو کی زندگی میں خوش حالی لاتی ہے۔ کسی دکھ، تکلیف اور بخار کے بغیر، اور اس کا جسم موت کے بعد منتشر نہیں ہوتا، اس کے لیے ایک اچھی منزل کی توقع کی جا سکتی ہے۔ کون سی چھ؟ ترک کر دینے کی سوچ، نیک نیتی کی سوچ، عدم تشدد کی سوچ، ترک کر دینے کا خیال/احساس، نیک نیتی کا خیال/احساس، عدم تشدد کا خیال/احساس۔ ان چھ چیزوں کی موجودگی ایک بھکشو کی زندگی میں خوش حالی لاتی ہے۔[۹۰]

درج بالا اقتباس سے متعدد امور کی طرف رہ نمائی ملتی ہے۔ گوتم بدھ اہمسا کو اس قدر اہم سمجھتے ہیں کہ انھیں ان بنیادی اشیا میں شامل کرتے ہیں جو نہ صرف اس دنیا میں بلکہ اگلی دنیا میں ایک بھکشو کی خوش حالی کی ضمانت بنتی نظر آتی ہیں۔ وہ اس ضمن میں ترک کرنا، نیک نیتی اور عدم تشدد کو دوہرا معیار گردانتے ہیں۔ وہ نہ صرف اسے سوچ تک محدود کرتے ہیں، بلکہ اس کو خیالات اور احساسات میں ڈھال لینے کا مشورہ دیتے ہیں تاکہ بھکشو ہر حالت میں ان چیزوں کو اپنائے رکھے۔

وہ کسی بھکشو کو جنگلوں میں سنیاس لینے کا اہل اس وقت گردانتے ہیں جب وہ اہمسا کو بھی اپنائے ہو۔[۹۱] جنگلوں میں سنیاس لیے بغیر اور خلوت کو اپنائے بغیر کسی بھکشو کے لیے نروان تک پہنچنا مشکل ہے۔ البتہ **انگوتارانکایا** میں یہ ضرور لکھا ہے کہ خلوت کی دو قسمیں ہیں ایک ذہنی اور دوسری جسمانی۔ انسان اگر عدم تشدد کی سوچ کو اپنا لے تو وہ کم از کم ذہنی خلوت جنگلوں میں جائے بغیر حاصل کر سکتا ہے۔[۹۲] بدھ مت نے ان لوگوں کو "اچھے لوگ" کہا ہے جو خود پر قابو رکھ سکتے ہیں اور عدم تشدد کے علم بردار ہوں۔[۹۳] انگیولملا، بدھ مت اور بہ طور خاص تھراویدا بدھ مت میں ایک ایسے کردار کے طور پر جانا جاتا ہے جس کی زندگی مثالی ہے۔ تاہم یہ کبھی برائی کا علم بردار تھا اور نفرتوں کو فروغ دیتا تھا۔ پھر ایک وقت ایسا آیا جب اس نے بدھ مت کو سچے دل سے اپنایا اور محبتوں کا امین بن گیا۔

---

90– Bodhi, *The Numerical Discourses of the Buddha: A Complete Translation of the Anguttara Nikaya*, 430.

91– Ibid., 617.

92– Ibid., 138.

93– Ibid., 1152.

اس کی بنیادی خوبیوں میں سے ایک خوبی یہ بھی تھی کہ وہ عدم تشدد کی روش پر چلنے لگا تھا۔ وہ فخر سے یہ کہا کرتا تھا کہ "نقصان نہ پہنچانے والا" کا خطاب اس کو عطا ہوا ہے۔ وہ ماضی میں ایک خطرناک شخص تھا لیکن اب جو نام اسے ملا ہے وہ سچا ہے؛ کیوں کہ وہ کسی جان دار کو نقصان نہیں پہنچاتا۔[۹۴] بدھ مت میں یہ واضح طور پر بتا دیا گیا ہے کہ اپنی حفاظت اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک انسان دوسروں کی حفاظت نہ کرے۔[۹۵] دوسروں کی حفاظت کرنا ایسا ہی ہے جیسے انسان خود کی حفاظت کر رہا ہو۔ جس کے اپنے ہاتھ یا زبان سے دوسرے محفوظ نہیں ہیں، وہ اس بات کی توقع بھی نہ رکھے کہ وہ دوسروں کے ہاتھ اور زبان سے محفوظ ہو سکتا ہے۔ یہ واضح رہے کہ فرد معاشرے کی اکائی ہے۔ جب فرد محفوظ ہو گا تو معاشرہ محفوظ ہو گا، لہٰذا بدھ مت ایک محفوظ معاشرے کی تشکیل کے لیے انسان کو تیار کرتا تھا تا کہ امن اور رواداری کو فروغ ملے۔

اسی طرح مراقبہ جو ہشت پہلو راستوں کا آخری اور اہم جزو ہے، وہ بھی اس وقت تک پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ بھکشو عدمِ تشدد کو نہ اپنائے ہوئے ہو، کیوں کہ مراقبے میں توازن اس وقت تک قائم نہیں ہو گا جب تک اسے صبر، عدم تشدد، رحم دلی اور محبت جیسے جذبات سے معمور نہ کیا گیا ہو۔[۹۶] قصہ مختصر یہ کہ بدھ مت میں دھرم کا سچا پیروکار وہی شخص کہلائے جانے کا حق دار ہے جو مطمئن زندگی گزارے۔ ایسی زندگی جو اچھے اعمال پر مبنی ہو، قابل تعریف کاموں سے پر ہو، عدم تشدد کے راستے کی طرف لے جاتی ہو اور تمام موجودات کے لیے رحم دلی پر مبنی ہو۔[۹۷] یہی وہ زندگی ہو گی جو سماج کی تعمیر و ترقی کا سبب بنے گی؛[۹۸] جو معاشرے میں امن اور توازن لائے گی۔ اسی لیے بدھ مت میں یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ اگر ایک پر امن معاشرہ یا دنیا تخلیق کرنی ہے تو دوسرے سے اچھی سوچ کے ساتھ ملنا ہو گا۔ یہی اچھی سوچ نہ صرف ایک انسان کی انفرادی زندگی میں خوش حالی کی ضمانت بنے گی بلکہ ایک خوش حال دنیا کی تخلیق میں بھی مددگار ہو گی۔

---

94– *The Middle Length Discourses of the Buddha: A Translation of the Majjhima Nikaya*, trans. Bhikkhu Nanamoli and Bhikkhu Bodhi (Boston: Wisdom Publications, 1995), 105.

95– Bodhi, *The Connected Discourses of the Buddha: A Translation of the Samyutta Nikaya*, 46.

96– Ibid., 1508.

97– *The Long Discourses of the Buddha: A Translation of the Digha Nikaya*, 210.

98– Asanga, *Abhidharmasamuccaya: The Compendium of the Higher Teaching (Philosophy) by Asanga*, 167.

اسلام بھی عدم تشدد کے رویے کا حامی ہے۔ بہترین مسلمان کی تعریف ہی یہ کی گئی ہے کہ اس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔[۹۹] لہٰذا کوئی مسلمان اس وقت تک اچھا مسلمان بن نہیں سکتا جب تک وہ عدم تشدد کا رویہ نہ اپنائے۔ جس طرح بدھ مت میں نروان کا حصول زندگی کا محور ہے اسی طرح اسلام میں اللہ کا قرب مسلمانوں کے لیے سب سے بڑھ کر ہے۔ اللہ نے ان لوگوں کو پسند کیا ہے جو دوسروں کو معاف کر دیتے ہیں۔ جیسا کہ فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ [۱۰۰] یعنی وہ لوگ خوشی ہو یا غمی اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ کو روکتے ہوئے لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں۔ اور اللہ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں خرچ کرنے والوں اور غصے پر قابو پانے والوں کو نہ صرف محسنین میں شمار کیا ہے بلکہ ان کو اپنی محبت کی نوید بھی سنائی ہے۔ احادیث مبارکہ میں بھی نرمی کو مسلمانوں کے اچھے اوصاف سے گردانا گیا ہے۔[۱۰۱] ابن کثیر کے مطابق معافی دینے والے کی عزت وتوقیر اللہ تعالیٰ بڑھا دیتا ہے۔[۱۰۲]

حدیث مبارکہ میں ذکر ہے کہ جب آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا چیز اللہ کے غصے سے بچا سکتی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: " لا تغضَبْ "[۱۰۳] یعنی غصہ نہ کرو۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ اگر خدا کے غضب سے محفوظ ہونا ہے تو پھر انسان کو خود بھی غصے سے ہر ممکنہ حد تک بچنا ہوگا۔ اگر وہ ایسا کرنے میں کامیاب رہا تو وہ نہ صرف اس دنیا میں خدا کے غضب کا شکار ہونے سے بچ جائے گا، بلکہ اگلی دنیا میں بھی اس کے لیے راحت ہوگی۔ اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا: "لا تغضب ولك الجنة."[۱۰۴] یعنی غصہ نہ کرو تو تمھارے لیے جنت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے سخت رویہ اپنانے والوں کو عذاب کی وعید سنائی ہے، جیسا کہ حدیث مبارکہ میں آتا ہے: "إِنَّ أَشَدَّ

---

۹۹- مسلم، **الجامع الصحیح**، کتاب الإیمان، باب بیان تفاضل الإسلام وأي أموره أفضل، رقم: ۶۴، ۶۵۔

۱۰۰- القرآن، ۳: ۱۳۴۔

۱۰۱- بخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب الوضوء، باب صب الماء علی البول في المسجد، رقم: ۲۲۰، ۶۵۔

۱۰۲- ابن کثیر، **تفسیر القرآن العظیم**، ۷: ۲۱۲۔

۱۰۳- محمد ناصر الدین الألبانی، **صحیح الترغیب والترهیب**، کتاب الأدب وغیره، الترهیب من الغضب (ریاض: مکتبة المعارف، ۲۰۰۰ء)، ۳: ۴۵، رقم: ۲۷۴۷۔

۱۰۴- نفس مرجع، ۳: ۴۶، رقم: ۲۷۴۹۔

النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا لِلنَّاسِ فِي الدُّنْيَا."(۱۰۵) یعنی قیامت کے روز اس شخص کو سخت ترین عذاب ہو گا جو دنیا میں لوگوں کو سخت سزا دیا کرتا تھا۔ لہٰذا اسلام میں دنیا اور آخرت کی زندگی میں کامیابی اس شخص ہی کے لیے رکھی گئی ہے جو عدم تشدد سے بچے اور سختی کی بجائے نرمی کا رویہ اختیار کرے۔

## نتائج بحث

بدھ مت اور اسلام کے درمیان مثبت تعلقات کے فروغ کے لیے زیر نظر تحریر دونوں مذاہب میں تشدد کے رویے کا تقابلی جائزہ لیتی ہے۔ اس تحقیق سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں:

۱. بدھ مت اور اسلام کے نزدیک کسی فرد یا گروہ کو جسمانی ایذا پہنچانا، سختی کرنا یا ذہنی اذیت کا شکار کرنا تشدد کہلاتا ہے۔ اسلام اس سے مراد شرعی حد کو عبور کر لینا بھی لیتا ہے۔

۲. دونوں مذاہب میں تشدد کا یہ دائرہ کار صرف انسانوں تک ہی محدود نہیں، بلکہ اس میں کائنات کی تمام موجودات مثلاً نباتات اور حیوانات بھی شامل ہیں۔

۳. تشدد کو ایک ایسی نفسیاتی بیماری سمجھا گیا ہے جو انفرادی اور مجموعی سطح پر فرد اور معاشرے کے زوال کا باعث بنتی ہے۔

۴. بدھ مت اسے قطعی طور پر ایک منفی رویہ اور برا عمل تصور کرتا ہے؛ جب کہ اسلام میں خدا سے اس کا تعلق مثبت اور اچھا جب کہ انسانوں کے لحاظ سے یہ ایک منفی اور برا عمل گردانا گیا ہے۔

۵. بدھ مت اور اسلام تشدد کو ایک منفی رجحان تو سمجھتے ہیں تاہم دونوں مذاہب اس کا الگ الگ حل تجویز کرتے ہیں۔ بدھ مت اصولی اور قطعی طور پر تشدد سے منع کرتا ہے اور ہر اس سوچ کی حوصلہ شکنی کرتا ہے جو تشدد کا سبب بن سکتی ہے۔ وہ اس ضمن میں اپنے پیروکاروں کو اہمسا پر عمل پیرا ہونے کا مشورہ دیتے ہوئے ماں باپ تک کے قتل کا بدلہ نہ لینے کا مشورہ دیتا ہے۔ اسلام چوں کہ تشدد کو سختی یا حد سے تجاوز کرنے کے معنی میں دیکھتا ہے، لہٰذا وہ اس کے متعلق مختلف رائے رکھتا ہے۔ وہ تشدد کو ختم کرنے کے لیے ایک طرف تو تشدد کے منبع یعنی وہ شخص جو تشدد کا سبب بن رہا ہے کا راستہ روکنے کا عندیہ دیتا ہے اور دوسری طرف صلح کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے معاف کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

۶. دونوں مذاہب کے نزدیک غصہ تشدد کا جزو اصلی ہے، لہٰذا وہ انسان کو اس عمل سے روکنے کی کوشش

---

۱۰۵- احمد بن محمد بن حنبل، مسند أحمد (دمشق، مکتبة دار القلم: ۲۰۰۱ء)، ۴۸:۲۸، رقم: ۱۶۸۱۹۔

کرتے ہیں۔ اسلام اس ضمن میں حرمت الٰہی کے لیے غصے کی اجازت دیتا ہے۔

۷. دونوں مذاہب اسے ایک منفی رویہ گردانتے ہوئے اسے دونوں جہانوں میں ناکامی کا سبب سمجھتے ہیں۔ دونوں جہانوں میں وہ عزت اور توقیر کا حق دار اسی کو ٹھہراتے ہیں جو نرمی کو اپنائے ہوئے ہو۔

درج بالا نتائج سے پتا چلتا ہے کہ اہل بدھ مت ہوں یا اہل اسلام، اگر وہ کسی طرح بھی دوسروں کے لیے تکلیف کا باعث بنتے ہیں تو وہ اپنے مذاہب کی تعلیم کو پس پشت ڈال رہے ہیں۔ لہذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ دونوں مذاہب کے پیروکار عدم تشدد کا رویہ اپناتے ہوئے ایک طرف تو اپنے مذاہب کے بتائے گئے اصولوں پر بہتر طور پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں جو دونوں جہانوں میں ان کی نجات کا سبب بن سکتا ہے اور دوسری طرف اس رویے کے ذریعے بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دے کر ایک بہتر دنیا کی تخلیق میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔

# List of Sources in Roman Script


- *A Buddhist Manual of Psychological Ethics of the Fourth Century B.C.* Translated by A. F. Rhys Davids. London: Royal Asiatic Society, 1900.
- *A Designation of Human Types (Puggala Pannatti)*. [in English]. Translated by Bimala Charan Law. Lancaster: The Pali Text Society, 2006.
- Abū Dāwūd, Salmān bin al-Ash'as. *Al-Sunan*. Rīyādh: Dār al-Hadhārah Linashr, 2015.
- Aḥmad, Ibrāhīm Muṣtafā. Aḥmad al-Ẓiyāt, Ḥāmid Abdul Qādir, Muḥammad al-Najjār, *Al-Mu'jim al-Wasīṭ*. Qairo: Maktabbah Dār al-Da'wah. 1411 h.
- Al-'Asqal ānī, Aḥmad bin 'Alī bin Ḥajar. *Fatḥ al-Bārī Sharaḥ Saḥīḥ al-Bukhārī*. ed. Muḥammad Fawād Abdul Bāqī. Cairo: Al-Maṭbah al-Salafiyyah ،n.d.
- Al-Albānī, Muḥammad Nāsir al-Dīn. *Saḥīḥ al-Targhīb wa al-Tarhīb*. Rīyādh: Maktabah al-M'ārif, 2000.
- Al-Bukhārī, Muḥammad bin Ismāil, *Al-Jāmi al-Saḥīḥ*, Dimashq: Maktabah Dār ibn Kathīr, 2002.
- Asanga. Abhidharmasamuccaya: *The Compendium of the Higher Teaching (Philosophy) by Asanga*. Translated by Sara Boin-Webb. Fremont: Asian Humanities Press, 2001.
- Bhattī, Muḥammad Isḥāq. *Barry Saghīr main Musalmānon kē Awwalīn Nuqūsh*. Lahore: Maktabbah Salafiyyah, 1990.
- Bhikkhu, Bodhi. *In the Buddha's Words: An Anthology of Discourses from the Pali Canon* [in English]. New York: Simon and Schuster, 2005.
- ———. *The Numerical Discourses of the Buddha: A Complete Translation of the Anguttara Nikaya* [in English]. Boston: Wisdom Publications, 2012.
- ———. *The Connected Discourses of the Buddha: A Translation of the Samyutta Nikaya* [in English]. Boston: Wisdom Publications, 2000.
- Buddhaghosa, Bhadantācariya. *The Path of Purification: Visuddhimagga* [in English]. Translated by Bhikkhu Ñāṇamoli. Kandy: Buddhist Publication Society, 2010.

- Cleary, Thomas. *The Flower Ornament Scripture: A Translation of the Avatamsaka Sutra* [in English]. Boston: Shambhala Publications, 1993.
- Dehlvī, Sayyad Aḥmad. *Farhang -i Āṣfiyyah*. Lahore: Urdū Science Board, 2010.
- Fārūqī, Imād al-Ḥasan. *Duniyā kē bare Maẓāhib*. New Delhi: Maktabbah Jāmiah Limited, 1986.
- *Fataḥnāmah Sindh yānī Chachnāmah*, ed. Nabī Bakhsh Bloch, tr. Akhtar Rizvi. Jām Shoro: Sindhī Adbī Board, 2008.
- Frye, Richard N. "Balkh." In *The Encyclopedia of Islam* edited by Hamilton Alexander Rosskeen Gibb, Johannes Hendrik Kramers, Évariste Lévi-Provençal and Joseph Franz Schacht. Leiden: Brill, 1986.
- Hackett, Conrad, and Brian J. Grim. *The Global Religious Landscape* [in English]. Washington D.C.: Pew Research Center, 2012.
- Hamīdullah. *Mukhtaṣar Tārīkh Afghānistān*. Quetta: Ghaẓnavī Publishers, 2008.
- Ḥanbal, Aḥmad bin Muḥammad bin, *Musnad Aḥmad*. Dimashq: Maktabah Dār al-Qalam, 2001.
- Ibrahim, Azeem, and Muhammad Yunus. *The Rohingyas: Inside Myanmar's Hidden Genocide*. London: Hurst, 2018.
- Ikeda, Daisaku. *The Heart of the Lotus Sutra: Lectures on the "Expedient Means" and "Life Span" Chapters*. Santa Monica: World Tribune, 2013.
- Kathīr, Ismā'īl bin 'Umer bin, *Tafsīr al-Qur'ān al-'Azīm*, ed. Samī bin Muḥammad al-Salalah. Rīyādh: Dār Ṭab'ah, 1999.
- Kīlānī, Abdul Reḥmān. *Mutrādifāt al-Qur'ān*. Lahore: Maktabah al-Salām, 2009.
- Mālik, Mālik, bin Anas bin, *Mua'aṭa Imām Mālik*, Labanon, Maktabah Ihyā al-Turāb al-'Arabi, 1985.
- Margottini, Claudio. *After the Destruction of Giant Buddha Statues in Bamiyan (Afghanistan) in 2001: A UNESCO's Emergency Activity for the Recovering and Rehabilitation of Cliff and Niches*. Berlin: Springer, 2014.
- Muller, *A. Charles. Exposition of The Sutra of Brahma's Net. Collected Works of Korean Buddhism*. Vol. 11, Paju: Compilation

Committee of Korean Buddhist Thought, 2012.

- Muslim bin al-Ḥujjāj, *Al-Jami' al-Saḥīḥ*, Beruit: Dār al-Kitāb al-'Ilmiyyah, 1991.
- Parkāsh, Satyyah, Bhalbhadrā Parsād Mishrā. Manak *Angrēẓī Hindī Kosh*. Ilāh Ābād: Hindī Sahtiyaah Samīlān, 1998.
- Parnini, Syeda Naushin. "The Crisis of the Rohingya as a Muslim Minority in Myanmar and Bilateral Relations with Bangladesh." *Journal of Muslim Minority Affairs* 33, no. 2 (2013): 281-97.
- Qurṭabī, Abū 'Abdallah Muḥammad bin Aḥmad bin Abū Bakar, *Tafsīr Qurṭabī*. Lahore: Dhiya al-Qur'ān Publications, 2012.
- Rinpoche, Jamgon Mipham. *Gateway to Knowledge: A Condensation of the Tripitaka*, Vol. 1 [in English]. Translated by Erik Pema Kunsang. 1st ed. Hong Kong: Rangung Yeshe Publications, 1997.
- *The Book of Analysis (Vibhanga)*. [in English]. Translated by Ashin Thittila Pathamakyaw. Bristol: The Pali Text Society, 2010.
- *The Book of the Discipline: Vinaya-Pitaka.* [in English]. Translated by Isaline Blew Horner. Vol. 1, London: Pali Text Society, 1949.
- *The Long Discourses of the Buddha: A Translation of the Digha Nikaya*. [in English]. Boston: Wisdom Publications, 1995. Walshe, Maurice.
- *The Middle Length Discourses of the Buddha: A Translation of the Majjhima Nikaya*. [in English]. Translated by Bhikkhu Nanamoli and Bhikkhu Bodhi. Boston: Wisdom Publications, 1995.
- Yusuf, Imtiyaz. " Dialogue Between Islam and Buddhism through the Concepts Ummatan Wasaṭan (The Middle Nation) and Majjhima-Patipada (The Middle Way) ". *Islamic Studies* 48, no. 3 (2009): 367-94.
- Ẓakariyyah, Aḥmad bin Fāris bin, *Mu'jim Maqāyīs al-Lughah*, ed. Abd al-Salām Muḥammad Hārūn. Beruit: Dār al-Fikr, 1392 h.